کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ فرزندِ کشمیر
کوئٹہ
راولاکوٹ
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 | جمعہ | 21 اگست 2026ء | 07 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 455

دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلا امتیاز مذمت کی جانی چاہیے، آصف زرداری

کوئی مذہب، عقیدہ، مسلک، نظریہ، شکایت، مقصد یا سیاسی مفاد کبھی بھی بے گناہ انسانوں کے قتل کا جواز نہیں بن سکتا، دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلا امتیاز مذمت کی جانی چاہیے، آصف زرداری

حکومتی اداروں، صحت اور تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی، نجی شعبے، ذرائع ابلاغ اور ترقیاتی شراکت داروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے دہشت گردی کے ہاتھوں اپنی جانیں گنوانے والے تمام افراد کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی مذہب، عقیدہ، مسلک، نظریہ، شکایت، مقصد یا سیاسی مفاد کبھی بھی بے گناہ انسانوں کے قتل کا جواز نہیں بن سکتا، دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلا امتیاز مذمت کی جانی چاہیے، حکومتی اداروں، صحت اور تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی، نجی شعبے، ذرائع ابلاغ اور ترقیاتی شراکت داروں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور خراجِ عقیدت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور انہیں خراجِ عقیدت پیش کرنے کے عالمی دن (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن کیساتھ مذاکرات کیلئے تیار ہیں، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، وزیرِ اعظم

ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 32 روپے کی کمی خوش آئند ہے، خطے کے کئی ممالک میں ریفائنریز اور گیس پلانٹ بند ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہ اہے کہ اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں، تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کب تک مذاکرات (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد؛ وزیرِ اعظم شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ سے ملاقات کر رہے ہیں

ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی

معاملات کو بیٹھ کر طے کرنا ہوگا، وزیرِ اعظم کی اپوزیشن کو پھر مذاکرات کی پیشکش

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے، شہباز شریف

کشیدگی میں کمی آئے، حکومت نے اڑھائی سال میں معیشت کی بہتری کیلئے جو اقدامات کئے ہیں اس کے اثرات آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، امن کی صورتحال کا معمول پر آنا اس کیلئے ضروری ہے، وزیرِ اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو ایک بار پھر مذاکرات کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے، اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتی ہے، پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دینے کیلئے معاملات کو بیٹھ کر طے کرنا ہوگا، ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی خوش آئند، آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی۔ جمعرات کو وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا کہ وزارت پٹرولیم کی کاوشوں سے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے فی لیٹر کمی کی ہے جو خوش آئند ہے، حکومت عام آدمی کو جہاں سے بھی ممکن ہوگا ریلیف کرکے ریلیف دے گی۔ انہوں نے کہا کہ خلیج اور آبنائے ہرمز میں جو صورتحال ہے اس کی وجہ سے نہ صرف پٹرولیم کی سپلائی میں مشکلات ہیں بلکہ کئی ممالک کی اپنی ریفائنریز اور گیس کے پلانٹ بند پڑے ہیں، پورا خطہ بڑی مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے، پاکستان بھی اس کا شکار ہے کیونکہ ہمارا ملک توانائی کا بڑا (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے، سید ال خان ناصر

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا ایس ایم ایز کو ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار، نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع فراہم کرنے پر زور

راولپنڈی (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں جبکہ نوجوانوں اور خواتین کو کاروباری مواقع، آسان مالی وسائل، جدید ٹیکنالوجی اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنا ملکی معاشی ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کو شاندار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دیتے ہوئے صدر سردار ثاقب نسیم اور چیئرمین ایوارڈ کمیٹی محمد رؤف راجہ کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری افراد اور اداروں کی محنت، جدت اور عزم کو سراہنا نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی ہے بلکہ دیگر نوجوانوں اور کاروباری افراد کے لیے بھی مشعلِ راہ ہے۔ سید ال خان نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً 71 لاکھ 40 ہزار مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزز کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)



صوبائی وزیر کموڈینی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی سائل کی درخواست پر فوری احکامات جاری کر رہے ہیں

حالیہ حوثی حملے میں زخمی ہونے والے 6 پاکستانی ملاح بحفاظت پاکستان واپس پہنچ گئے ہیں، اسحاق ڈار

جاں بحق ہونے والے دو پاکستانی ملاحوں کی میتیں بھی پاکستان پہنچا دی گئی ہیں، نائب وزیرِ اعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حالیہ حوثی حملے میں تنزانیہ کے پرچم بردار تجارتی بحری جہاز پر زخمی ہونے والے چھ پاکستانی ملاح بحفاظت وطن واپس پہنچ گئے ہیں جبکہ جاں بحق ہونے والے دو پاکستانی ملاحوں کی میتیں بھی پاکستان پہنچا دی گئی ہیں۔ سماجی رابطہ کے پلیٹ فارم ایکس پر جمعرات کو اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ فریقوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ زخمی ملاحوں اور جاں بحق افراد کی میتوں کی تحفظ، باوقار اور جلد از جلد وطن واپسی کو یقینی بنایا جائے۔ نائب وزیرِ اعظم نے جدہ میں پاکستان کے قونصلیٹ جنرل اور ریاض میں پاکستانی سفارت خانے کی بروقت اور مخلصانہ کوششوں کو سراہا جنہوں نے یمن سے زخمی ملاحوں اور میتوں کی واپسی اور بعد ازاں ان کے پاکستان سفر میں سہولت فراہم کی، بالخصوص اس صورت حال میں جب یمن میں پاکستان کا کوئی سفارتی مشن موجود نہیں ہے۔ (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں بارڈرز کی قانونی تجارت وکاروبار، شاہراہیں، انٹرنیٹ بند

مگر منشیات وغیر قانونی کاروبار جاری رشوت کا بازار گرم ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بارڈرز کی قانونی تجارت وکاروبار، شاہراہیں، انٹرنیٹ بند مگر منشیات وغیر قانونی کاروبار جاری رشوت کا بازار گرم ہے۔ جماعت اسلامی منشیات بدامنی، بدعنوانی سمیت ہر ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی جماعت اسلامی (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

حجاج کرام کی بروقت اور آرام دہ روانگی حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے، سردار محمد یوسف

حجاج کرام کی سفری ذمہ داریاں پی آئی اے اور سعودی ایئر لائن کے درمیان 50، 50 فیصد کی بنیاد پر تقسیم کی جاتی ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ حجاج کرام کی بروقت اور آرام دہ روانگی حکومت کی اولین ترجیح رہی ہے، فلائٹ آپریشن میں تاخیر پر متعلقہ ایئر لائنز اور متعلقہ وزیر سے فوری رابطہ کیا گیا ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

پاک بھارت امن کی راہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے نکل سکتی ہے، شیری رحمٰن

کشمیر کی متنازع حیثیت پر غیر ذمے دارانہ بیانات قابلِ قبول نہیں، یہ عالمی سطح پر تسلیم شدہ تنازع ہے، نائب صدر پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ کشمیر کی متنازع حیثیت پر غیر ذمے دارانہ بیانات قابلِ قبول نہیں، یہ عالمی سطح پر تسلیم شدہ تنازع ہے۔ مقبوضہ کشمیر سے متعلق امریکی سفیر کے بیان پر ردِعمل میں شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ کشمیر کے (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ، بانی پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر نظرِ ثانی کی درخواست اعتراض لگا کر واپس

درخواست کے ساتھ پیپر بکس مکمل نہ ہونے کا اعتراض عائد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانیٔ پی ٹی آئی کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر چیف کمشنر اسلام آباد کی نظرِ ثانی کی درخواست اعتراض لگا کر واپس کر دی۔ ذرائع کے مطابق رجسٹرار آفس کی جانب سے نظرِ ثانی درخواست پر گزشتہ روز اعتراض عائد کیے گئے، درخواست کے ساتھ پیپر بکس مکمل نہ ہونے کا اعتراض عائد کیا گیا۔

وزیرِ اعظم سے شامی وزیرِ خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

شہباز شریف کا شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف نے شام کے اتحاد، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

خلیجی ممالک سے یکم مارچ 2026 تک 21 ہزار 951 پاکستانی ڈی پورٹ ہوئے، قومی اسمبلی کو آگاہی

تعلیمی اداروں کے دباؤ کم کرنے کیلئے ڈی ایے کے سیکٹر ایریاسے باہر ایک جدید ایجوکیشن سٹی قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے، طارق فضل

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ یکم مارچ 2026 تک خلیجی ممالک سے مختلف وجوہات اور قوانین کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 21 ہزار 951 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا ہے، اسلام آباد میں تعلیمی اداروں کے دباؤ کو کم کرنے کیلئے سی ڈی اے کے سیکٹر ایریا سے باہر ایک جدید ایجوکیشن سٹی قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان اسمبلی کے مختلف سوالات اور ضمنی سوالات کے جوابات دیتے ہوئے وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے واضح کیا کہ حکومتی ریکارڈ میں صرف (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے سول مقدمے میں وکلا کی جانب سے التوا کی درخواست پر برہمی کا اظہار

التوا کا یہی رویہ جاری رہا تو زیرِ التوا مقدمات میں مزید اضافہ ہوتا رہے گا جو عوام کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے سول مقدمے میں وکلا کی جانب سے التوا کی درخواست پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ مقدمات کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے، التوا کا یہی رویہ جاری رہا تو زیرِ التوا مقدمات میں مزید اضافہ ہوتا رہے گا جو عوام کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے۔ جمعرات کو سماعت کے دوران ایڈووکیٹ آن (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

زیارت واقعہ تحقیقاتی کمیشن واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے

سیکیورٹی انتظامات، پولیس کی تیاری، انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور واقعے سے متعلق دیگر اہم امور شامل ہیں، اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومتِ بلوچستان کی جانب سے قائم کردہ عدالتی تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا ضلع زیارت کے مانگی ڈیم پیمپنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعے کی جامع اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کر رہا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق تحقیقاتی کمیشن واقعے کے تمام پہلوؤں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے، جن میں واقعے کے اصل حقائق، (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

مفادات پر مبنی پاکستان اور ہنگری کے تعلقات آنے والے سالوں میں مضبوط تر ہوں گے، آصف زرداری

صدر زرداری کی ہنگری کے نو منتخب صدر کو مبارکباد، دوطرفہ شراکت داری کو مضبوط بنانے پر زور

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے آندراش باکا کو ہنگری کے صدر منتخب ہونے پر اور ہنگری کے عوام کو ان کے قومی دن پر مبارکباد کا پیغام بھیجا۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ باہمی اعتماد اور مشترکہ مفادات پر مبنی پاکستان اور ہنگری کے تعلقات آنے والے سالوں میں مضبوط تر ہوں گے۔ صدر زرداری نے کہا کہ وہ دوطرفہ تعاون خصوصاً سیاسی و پارلیمانی تبادلوں، تجارت و سرمایہ کاری، ترقیاتی تعاون، موسمیاتی اقدامات، تعلیم، ثقافت اور ہجرت و نقل و حرکت کے شعبوں میں مزید وسعت دینے کے لیے نو منتخب (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی بیرونی فنانسنگ کے شعبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، وزیرِ خزانہ

پاکستان کا پہلا ڈائیورسفائیڈ پیمنٹ رائٹس پروگرام، آئی ایف سی اور بینک الفلاح کے درمیان معاہدے پر دستخط کر دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی بیرونی فنانسنگ کے شعبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں پاکستان کے پہلے ڈائیورسفائیڈ پیمنٹ رائٹس پروگرام کے لیے انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (آئی ایف سی) اور بینک الفلاح لمیٹڈ کے درمیان پراجیکٹ معاہدے پر دستخط کر دیے گئے۔ وزارت خزانہ سے جاری بیان کے مطابق معاہدے کی تقریب وزارتِ خزانہ اسلام آباد میں ہوئی جس میں وفاقی وزیرِ خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے شرکت کی۔ معاہدے پر آئی ایف سی کی ریجنل انڈسٹری ڈائریکٹر فنانشل انسٹی ٹیوشنز گروپ مشرق وسطیٰ و وسطی ایشیا مومنہ اعجاز الدین اور بینک الفلاح کے صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر عاطف اے باجوہ نے دستخط کیے۔ وزیرِ اعظم کی ہدایت پر شروع کیا (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وزیرِ اعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی

نیشنل کمانڈ ایکٹ 2010 میں ترمیم شدہ مسودہ بھی منظوری کے لیے پارلیمان میں پیش کیا جائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی۔ جمعرات کو وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی۔ جمعرات کو وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ نے ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2010 میں ترمیم کی منظوری دیدی۔ (Defence Forces Act 2026) کے مسودے کی منظوری دے دی۔

وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی روابط کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ اینڈ لوتھ پالیسی کی اصولی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی روابط کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ اینڈ لوتھ پالیسی کی اصولی منظوری دیدی۔ وزیرِ اعظم محمد شہباز (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مقبول بھٹی کے گیس کے دونوں میٹر 24 گھنٹے کے اندر لگوا دیے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مقبول بھٹی کے گیس کے دونوں میٹر 24 گھنٹے کے اندر لگوا دیے گئے۔ درخواست گزار مقبول بھٹی (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کے درآمدی بل میں 5.19 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے مجموعی پٹرولیم گروپ کے (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی روابط کی سفارش پر نیشنل ایڈوکیسیٹ اینڈ لوتھ پالیسی کی اصولی منظوری دیدی

پی ٹی آئی نے کبھی بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو متنازع نہیں بنایا، بیرسٹر گوہر

ٹیکنیکل نوعیت کا معاملہ ہے، پاکستان ہمارا ہے، پاک فوج ہماری ہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے کبھی بھی ڈیفنس فورسز سے متعلق قوانین کو متنازع نہیں بنایا۔ پارلیمانی راہداری میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نہیں چاہتے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط نہ ہو، ڈیفنس فورسز ایکٹ کا معاملہ ٹیکنیکل نوعیت کا ہے ہمارے ساتھ کچھ بات نہیں کی گئی۔

راشد منہاس شہید کا 55 واں یوم شہادت، افواجِ پاکستان کا زبردست خراج عقیدت

قوم اور پاک افواج اس بہادر سپوت کی لازوال قربانی کو کبھی فراموش نہیں کریں گی

راولپنڈی (این این آئی) پاک فضائیہ کے جانباز ہیرو پائلٹ افسر راشد منہاس شہید (نشانِ حیدر) کا 55 واں یوم شہادت جمعرات کو منایا گیا۔ جس پر مسلح افواج کے (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

توانائی کی طلب و رسد میں توازن، مقامی وسائل کا بہتر استعمال اور سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول حکومتی ترجیحات میں شامل ہے

پاکستان کی طویل مدتی توانائی سیکیورٹی یقینی بنانے کیلئے توانائی کے شعبے کے تمام حصوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان کی طویل مدتی توانائی سیکیورٹی یقینی بنانے کے لیے توانائی کے شعبے کے تمام حصوں بالخصوص اپاسٹریم، مڈ سٹریم اور ڈاؤن سٹریم شعبوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ہم آہنگی ناگزیر ہے، توانائی کا تحفظ اور پائیدار نظام ملکی معاشی ترقی کی بنیاد ہے اس لیے توانائی کی طلب و رسد میں (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

محکمہ پاپولیشن تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے فیملی پلاننگ سے متعلق اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے کیلئے کام کر رہا ہے

کم آبادی اور ترقی کے تناظر میں جامع اور موثر قومی حکمت عملی کی تشکیل کے لئے وفاقی حکومت کے زیرِ نگرانی قومی کونسل برائے آبادی قائم کی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری پاپولیشن ظفر علی بلیدی، ڈی جی پاپولیشن غلام مصطفیٰ، ایوائن ایف پی اے کی سعدیہ عطاء، ٹیکنیکل اسپیشلسٹ خان محمد، ناصر خان، محمد ہاشم، افضل بٹ اور عرخان نے کہا ہے کہ محکمہ پاپولیشن تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے فیملی پلاننگ سے متعلق اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے کیلئے کام کر رہا ہے، آبادی میں تیز (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس 24 اگست کو کراچی ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے بار روم میں طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد نے آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس 24 اگست کو کراچی ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے بار روم میں طلب کیا ہے اجلاس (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

امن وامان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ان کی ترجیحات میں شامل ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

گوادر (این این آئی) رکنِ صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمٰن سے ملاقات میں امن وامان، منشیات کے خاتمے اور عوامی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ واپڈا حکام سے بجلی کے مسائل کے فوری حل اور ماڈل ہائی اسکول کے دورے کے دوران تعلیمی سہولیات کی بہتری پر زور دیا ایس ایس پی گوادر سے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

PID(I)1748-D/26

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت
چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

ٹرمپ کی مکہ معاہدے کی حمایت اور اسرائیل کی امن مخالف سرگرمیاں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری بیان میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی حمایت کرتے ہوئے اسے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا جرات مندانہ اقدام قرار دیا اور کہا کہ یہ اس بات کا مظہر ہے کہ مشرقِ وسطیٰ متحد ہو رہا ہے اور اس خطے کے ممالک آخرکار زیادہ موثر انداز میں اپنا دفاع کرنے کے قابل ہوں گے۔ بظاہر امریکی صدر کا یہ بیان ایک مثبت پیش رفت ہے اور اسی بنا پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اس کا خیر مقدم کیا ہے۔ سماجی رابطے کے ذریعے 'ایکس' پر وزیراعظم نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے حمایت کے الفاظ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ پاکستان اپنے برادر ملکوں سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے ساتھ مل کر پورے خطے کے دفاع اور سلامتی کو یقینی بنانے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پائیدار امن عوام کے روشن اور خوشحال مستقبل کے لیے ضروری اور بنیادی شرط ہے۔

ایک طرف امریکی صدر تین سرکردہ مسلم ممالک کے مابین طے پانے والے دفاعی معاہدے کی حمایت کر رہا ہے اور دوسری جانب امریکا کی طرف سے مسلسل ناجائز صہیونی ریاست کو ہر قسم کی امداد و اعانت مہیا کر کے اس کے ہاتھ مضبوط کیے جا رہے ہیں۔ یہ بات غور طلب ہے کہ امریکی حمایت کی وجہ ہی سے ناجائز صہیونی ریاست پورے مشرقِ وسطیٰ میں دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور اس کی یہ کارروائیاں قابلِ قیاس مستقبل میں رکتی دکھائی نہیں دیتیں کیونکہ صہیونی گریٹر اسرائیل کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے پاکستان اور ترکیہ سمیت ہر وہ مسلم ملک صہیونیوں کو برا لگتا ہے جو دفاعی اعتبار سے اس حد تک مضبوط ہو کہ کسی بھی موقع پر ان کے سامنے کھڑا ہو سکے۔ مزید یہ کہ آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے حق میں ایک واضح اور دوٹوک موقف اختیار کرنا بھی پاکستان اور ترکیہ جیسے ممالک کو صہیونیوں کے لیے ناقابلِ قبول بناتا ہے۔

اس معاملے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ صدر ٹرمپ نے غزہ کے لیے جس امن بورڈ کا اعلان کیا تھا اس کے ایک رکن نے حال ہی میں کہا ہے کہ غزہ میں جنگ کے خاتمے اور آئندہ کے انتظام سے متعلق مذاکرات حماس کے مکمل غیر مسلح ہونے کو بنیادی شرط سے جڑے ہوئے ہیں۔ ایک بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق، بورڈ آف پیس کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ غزہ میں موجود حماس کے تمام ہلکے اور بھاری ہتھیاروں کے ساتھ سرنگوں کو بھی ختم کیا جائے گا اور انھیں مستقبل میں دوبارہ استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔ حماس کے مکمل غیر مسلح ہونے تک اسرائیلی فوج کو غزہ سے واپس بلانے یا دوبارہ تعینات کرنے کا فیصلہ نہیں ہوگا۔ اس انتظام میں اسرائیل کے لیے اپنے دفاع کا حق بھی برقرار رکھا گیا ہے۔ اگر حماس دوبارہ دہشت گردی یا مسلح ہونے کی کوشش کرتی ہے تو اسرائیل کارروائی کر سکے گا۔ یہ پیش رفت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد اور خصوصی ایلچی جیرڈ کشنر کی سربراہی میں بورڈ آف پیس کے وفد اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے درمیان ہونے والی بات چیت کے بعد سامنے آئی ہے۔

اسی طرح ناجائز صہیونی ریاست کی قومی سلامتی کے مشیر اتمار بن گویر کہہ رہے ہیں کہ اسرائیلی فوج کو غزہ میں ہر رات 30 سے 40 افراد کو ہلاک کرنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں غزہ کے لوگوں متعلق اشتعال انگیز بیان دیتے ہوئے اس انتہا پسند مشیر کا کہنا تھا کہ یہ کارروائی صرف خطرے کا سبب بننے والوں تک ہی محدود نہیں رکھنی چاہیے۔ غزہ میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو زندہ رہنے کے قابل نہیں۔ ان لوگوں کو زندہ نہیں رہنا چاہیے، وہ انسان ہی نہیں ہیں۔ اس بیان پر ردعمل دیتے ہوئے ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ صہیونی مجرم بیک وقت فلسطینیوں کی بے دخلی اور یہودی بستیوں کی تعمیر کی بات کر رہا ہے۔ ان اعترافات کو ثبوت کے طور پر محفوظ اور آن ریکارڈ رکھنا چاہیے تاکہ انھیں اسرائیلی مجرموں کے احتساب اور مقدمے کے دن پیش کیا جا سکے۔

اسی دوران میں یہ خبر بھی منظرِ عام پر آئی ہے کہ اسرائیلی فوج لبنان میں دوبارہ جنگ شروع کرنے کی تیاری کر رہی ہے کیونکہ اسرائیل حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو مکمل تباہ کرنا چاہتا ہے۔ دوسری طرف، امریکی ثالثی میں اسرائیل اور لبنان کے درمیان مذاکرات بھی جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ترک صدر رجب طیب ایردوان نے کہا ہے کہ لبنان پر اسرائیل کے مسلسل حملے ترکیہ کے لیے شدید تشویش کا باعث ہیں۔ خطے میں جاری کشیدگی اور فوجی کارروائیوں پر انقرہ گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ الجزیرہ کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں ترک صدر نے کہا کہ ایسے حملوں سے نہ صرف لبنان میں انسانی بحران مزید سنگین ہو سکتا ہے بلکہ پورے خطے میں کشیدگی بڑھنے کا خطرہ بھی موجود ہے۔

علاوہ ازیں، صدر ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کے معاملے پر عمان کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر آبنائے ہرمز کھولنے کی کوششوں میں عمان نے رکاوٹ پیدا کی تو اسے بری طرح بمباری کا نشانہ بنائیں گے۔ 'فاکس نیوز' کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کے پاس اب بھی ہتھیاروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں۔ ٹرمپ نے یہ بھی بتایا کہ انھیں ایران کے ساتھ جاری تنازعہ ختم کرنے کے لیے کوئی جلدی نہیں۔ اب ایران سفید جھنڈا لہرا کر سرنڈر کرنے کا اعلان کرے۔ ایران کی طرف سے وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران کی ثابت قدمی نے دشمنوں کے اندازوں اور منصوبہ بندی کو ناکام بنا دیا۔ ایک پریس بریفنگ میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ایران کے قطر کے ساتھ مسلسل رابطے جاری ہیں۔ پاکستان اور قطر کشیدگی کم کرنے کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ ایران ڈیڈ لائنز اور الٹی میٹمز کے دباؤ میں فیصلے نہیں کرتا۔ عمان کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں، فریقین آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو محفوظ بنانے کے طریقہ کار پر کام کر رہے ہیں۔

مشرقِ وسطیٰ میں بنی ہوئی اس ساری صورتحال میں امریکا کا کردار منفی اور خطرناک ہی دکھائی دیتا ہے اور اس سے کسی بھی اچھائی کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ ویسے بھی یہ طے ہے کہ امریکا کسی بھی صورت میں کوئی ایسا اقدام نہیں کرے گا جس سے صہیونیوں کے مفادات پر زد پڑے تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صدر ٹرمپ کی طرف سے مکہ معاہدے کی حمایت کے کیا معانی ہیں؟ امریکا ممکنہ طور پر پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے اس معاہدے کو سنّی ممالک کے اتحاد کے طور پر دیکھ رہا ہے اسی لیے یہ نہایت ضروری ہے کہ ایران کو بھی اس معاہدے میں شامل کیا جائے تاکہ امریکا سمیت ساری دنیا کو واضح طور پر یہ پیغام دیا جا سکے کہ مسلمان دفاعی اور تزویراتی معاملات کے حوالے سے نفاق اور انتشار کا شکار نہیں ہیں۔ یوں بھی نیٹو کی طرز پر مسلم ممالک کا عسکری اتحاد اسی وقت تشکیل پا سکتا ہے جب تمام مسلمان ریاستیں فروعی اختلافات سے اوپر اٹھ کر ایک دوسرے کا ہاتھ تھامتے ہوئے یک جہت ہوں۔

نوجوانوں کے روشن مستقبل کی جانب اہم قدم، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی

محمود خان

پاکستان نوجوانوں کا ملک ہے، آبادی کا ایک بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے اور یہی نوجوان ملک کی سب سے بڑی افرادی قوت، معاشی قوت اور مستقبل کی امید ہیں۔ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید ہنر، باعزت روزگار، کاروباری مواقع اور فیصلہ سازی میں موثر کردار فراہم کیا جائے تو پاکستان اپنی نوجوان آبادی کو ایک مضبوط معاشی اثاثے میں تبدیل کرسکتا ہے۔ اسی چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان میں نوجوانوں کے روزگار کے لیے ''نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی'' کا اجراء ایک اہم اور تاریخی پیش رفت ہے۔ 12 اگست 2026 کو ''انٹرنیشنل یوتھ ڈے'' کے موقع پر اسلام آباد میں اس پالیسی کا اجراء کیا گیا، جس کے ذریعے حکومت نے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور جدید معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک جامع قومی سمت متعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ پالیسی محض نوجوانوں کو ملازمتیں فراہم کرنے کا منصوبہ نہیں بلکہ پاکستان کی نوجوان نسل کو قومی معیشت کا فعال اور پیداواری حصہ بنانے کا ایک وسیع فریم ورک ہے۔ اس کا بنیادی مقصد تعلیم اور روزگار کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا، مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر پیدا کرنا، نوجوانوں کے لیے کاروباری مواقع بڑھانا اور انہیں ملکی و عالمی لیبر مارکیٹ کے لیے تیار کرنا ہے۔ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو درست سمت میں استعمال کیا جائے تو وہ انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، صنعت، تجارت، صحت، تعلیم، سیاحت، ای کامرس، فری لانسنگ اور دیگر شعبوں میں ملک کی معیشت کو طاقت دے سکتے ہیں۔ آج کی دنیا تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل معیشت، روبوٹکس، ای کامرس، سائبر ٹیکنالوجی اور جدید صنعتی مہارتیں روزگار کے روایتی تصور کو تبدیل کر رہی ہیں۔ ایسے میں صرف ڈگری حاصل کرنا کافی نہیں۔ نوجوانوں کو ایسی مہارتیں بھی حاصل کرنا ہوں گی جو ملکی اور عالمی مارکیٹ میں مطلوب ہیں۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم، مہارت اور روزگار کو ایک دوسرے سے مربوط کرنے پر زور دیتی ہے۔ اقتصادی سروے 2025-26 کے مطابق پالیسی کا مقصد نوجوانوں کو تعلیم، اسکلز ڈویلپمنٹ اور روزگار کے مواقع سے ایک مربوط ادارہ جاتی نظام کے ذریعے جوڑنا ہے۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا ایک اہم پہلو یہی ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم مکمل کرنے کے بعد روزگار کی دنیا میں داخل ہونے کے لیے بہتر راستہ فراہم کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے انٹرن شپ، اپرنٹس شپ، ٹیکنیکل ٹریننگ اور مارکیٹ پر مبنی اسکلز کو اہمیت دی گئی ہے۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی میں روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے لیے دس اہم شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان میں زراعت و غذائی پیداوار، ای کامرس، صحت، ہاؤسنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس، مینوفیکچرنگ و ملٹیکل انجینئرنگ، معدنیات، بیرون ملک روزگار اور سیاحت شامل ہیں۔ ان شعبوں کا انتخاب اس اعتبار سے اہم ہے کہ پاکستان کی معیشت میں ان شعبوں میں روزگار پیدا کرنے اور نوجوانوں کو کاروبار کی طرف راغب کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے۔ خصوصاً انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای کامرس نوجوانوں کے لیے گھر بیٹھے عالمی مارکیٹ تک رسائی کے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ پاکستان کا نوجوان اگر جدید ڈیجیٹل مہارت حاصل کرے تو وہ نہ صرف مقامی کمپنی میں ملازمت حاصل کرسکتا ہے بلکہ دنیا کے کسی بھی ملک کے لیے آن لائن خدمات فراہم کرکے غیرملکی زرمبادلہ بھی کما سکتا ہے۔ یہ پہلو پاکستان کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اگر ایک نوجوان اپنا کاروبار شروع کرتا ہے اور چند مزید نوجوانوں کو ملازمت فراہم کرتا ہے تو اس کا فائدہ صرف ایک فرد تک محدود نہیں رہتا بلکہ پورے معاشرے کو پہنچتا ہے۔ اسی مقصد کے لیے وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون اسکیم، آئی ٹی اسٹارٹ اپس اور دیگر پروگرام نوجوانوں کو مالی اور کاروباری مواقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوسکتے ہیں۔ پاکستان کی معاشی ترقی خواتین کی موثر شمولیت کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی میں خواتین کی لیبر فورس میں شرکت بڑھانے کے لیے 2030 تک 35 فیصد کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خواتین کے لیے گھر سے کام، فری لانسنگ، آن لائن کاروبار، ای کامرس، تعلیم، صحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں مواقع پیدا کرکے انہیں معاشی طور پر بااختیار بنایا جاسکتا ہے۔ خواتین کی معاشی خودمختاری صرف خاندان کی آمدنی میں اضافہ نہیں کرتی بلکہ اس کے نتیجے میں بچوں کی تعلیم، صحت اور مجموعی معیار زندگی بھی بہتر ہوتا ہے۔ پاکستان کے لاکھوں نوجوان بیرون ملک روزگار کے لیے جاتے ہیں۔ اگر انہیں عالمی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق زبان، ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے تو پاکستان کے لیے بیرون ملک روزگار ایک بڑا معاشی ذریعہ بن سکتا ہے۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی میں اوورسیز ایمپلائمنٹ کو بھی ایک اہم شعبے کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔ حکومت نے مختلف ممالک میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور انہیں مطلوبہ مہارتیں فراہم کرنے پر بھی زور دیا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نوجوانوں کو محفوظ، قانونی اور باعزت روزگار کے لیے مکمل تربیت فراہم کی جائے، تاکہ وہ بہتر آمدنی حاصل کرسکیں اور ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھیج سکیں۔

74فیصد نئے قرضوں کا بوجھ لادنے پر وفاقی وزرا کو نشانِ امتیاز

شیخ راشد عالم

کسی بھی ریاست کی معیشت اس کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے۔ جب یہ ریڑھ کی ہڈی غیرملکی قرضوں کی دیمک چاٹ لے تو قوم صرف مفلوج نہیں ہوتی، بلکہ نسلوں کے لیے غلامی کی زنجیروں میں جکڑی جاتی ہے۔ پاکستان آج اسی غلامی کی دہلیز پر کھڑا ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تازہ اعداد و شمار نے جو تصویر کھینچی ہے وہ کسی ڈراؤ؟نے خواب سے کم نہیں۔ جون 2022 میں ملکی مجموعی قرضہ 47 ہزار 832 ارب روپے تھا، جو جون 2026 تک 83 ہزار 642 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے۔ یہ محض 74.86 فیصد کا اضافہ نہیں، یہ قوم کی آئندہ تین نسلوں کی محنت پر غیرملکی قرض خواہوں کا باضابطہ قبضہ ہے۔ مقامی قرضہ بھی 59 ہزار 441 ارب روپے کی خطرناک سطح پر جا پہنچا ہے۔ ان ہوشربا ہندسوں کو پڑھتے ہوئے ایک عام پاکستانی کا ذہن یہ سوال کرنے پر مجبور ہے کہ جن لوگوں کی پالیسیوں نے ملک کو قرضوں کے اس بھنور میں دھکیلا، انہیں کیا سزا ملی؟ جواب ملتا ہے: سزا نہیں، سول اعزازات! یومِ آزادی 2026 کے موقع پر صدرِ پاکستان آصف علی زرداری نے جن وفاقی وزرا کے لیے نشانِ امتیاز کی نامزدگیاں منظور کی ہیں، ان میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب اور وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ شامل ہیں۔ یعنی معاشی تباہی کے سب سے بڑے دعویداروں کو قومی اعزاز سے نوازنے کی تیاری ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب کو تو کچھ عرصہ قبل نجی بینکاری سے درآمد کر کے "معاشی مسیحا" کہا گیا تھا، لیکن ان کے دور میں ملک پر 35 ہزار 810 ارب روپے کا اضافی قرض لادا گیا ہے۔ ان کی ہر پالیسی کا نچوڑ یہی رہا: عوام سے ٹیکس وصول کرو، بجلی و گیس مہنگی کرو، کرنسی کو ڈوبنے دو اور پھر آئی ایم ایف کے اگلے پروگرام کے لیے کمر باندھ لو۔ اس "شاندار کارکردگی" پر اگر نشانِ امتیاز نہ ملے تو پھر کسے ملے؟ اسحاق ڈار معاشی بحران کے پچھلے ادوار کے معمار رہے ہیں اور احد خان چیمہ اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ جیسے حساس محکموں کے سربراہ ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ان کے دامن میں ایسا کون سا کارنامہ ہے جس پر یہ اعزازات دیے جا رہے ہیں؟ کیا قرض لینے کی مہارت اب ملک کا سب سے بڑا "قومی کارنامہ" قرار پا گئی ہے؟ یہ معاملہ صرف انفرادی وزرا کی نااہلی کا نہیں، پورے احتسابی نظام کی نفی کا ہے۔ حکومت نے کچھ عرصہ قبل وزارتوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کا اعلان کیا تھا اور تمام وزارتوں سے قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کیے تھے۔ لیکن جب وہی وزارتیں قرضوں کے انبار لگا رہی ہیں اور انہیں کوئی سزا نہیں دی جا رہی، تو اس جائزے کی حقیقت بھی سامنے آ گئی ہے۔ اندرونی بیوروکریٹک جائزے کبھی کسی وزیر کو سزا نہیں دیتے؛ وہ صرف فائلوں کی تزئین و آرائش کرتے ہیں۔ یہاں تو معاملہ الٹا ہے: جائزہ تو دور، انہی ناکام وزرا کو ایوارڈ دینے کی تیاری ہو رہی ہے۔ یہ عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ اس کے برعکس، پاکستانی افواج نے حالیہ علاقائی کشیدگی میں ثالثی اور امن کے قیام میں جو کردار ادا کیا ہے، اس نے عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا ہے۔ لیکن یہ اور بات ہے کہ دفاعی ادارے ریاست کی بقا کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہیں اور سویلین قیادت ملکی معیشت کو قرضوں کے حوالے کر رہی ہے۔ فوج کی عسکری قربانیاں اپنی جگہ، مگر سویلین حکمرانوں کی معاشی نااہلی اپنی جگہ۔ دونوں کا موازنہ اس لیے ضروری ہے کہ عوام جان لیں کہ ملک کے اندر دو مختلف معیار ہیں: ایک ادارہ اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، دوسرا اپنی ذمہ داری چھوڑ کر قوم کو قرضوں کے طوق پہنا رہا ہے۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پاکستان میں "سزا و جزا" کا تصور ہی ختم ہو چکا ہے۔ جو وزیر جتنا بڑا قرض لے آئے، اسے اتنا بڑا اعزاز ملے گا۔ معیشت کی تباہی کے ذمہ داروں کو نیب یا ایف آئی اے کے حوالے کرنے کے بجائے صدر کی طرف سے نامزدگیاں بھجوائی جا رہی ہیں۔ حکومت ان نامزدگیوں کو فوری واپس لے اور ان وزرا کی کارکردگی کا غیر جانبدار تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے۔ آڈٹ رپورٹ قومی اسمبلی میں پیش کی جائے اور عوام کے سامنے پبلک کی جائے۔ جس وزیر کے دور میں قرضوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا، اس کے عہدے کی مدت کے اثاثوں کا فرانزک جائزہ لیا جائے۔ اگر بدعنوانی یا غفلت ثابت ہو تو کیس چلایا جائے، نہ کہ سینے پر تمغہ سجایا جائے۔ پاکستان اس وقت دوراہے پر کھڑا ہے: ایک طرف خودمختاری اور قومی وقار ہے، جس کے لیے غیرملکی قرضوں سے نجات اور خود انحصاری ناگزیر ہے؛ دوسری طرف غلامی ہے، جس کا راستہ انہی قرض خواہوں کی شرائط پر چلنے اور ان کے گنے چنے نمائندوں کو سینے پر تمغے پہنانے سے ہموار ہوتا ہے۔ یومِ آزادی کے موقع پر قوم سے پوچھا جانا چاہیے کہ کیا وہ واقعی آزاد ہے، جب اس کی کل معیشت غیرملکی قرضوں کی یرغمال ہے؟۔

ماریہ شہباز کیس اور پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق

فاطمہ ثریا

ماریہ شہباز کا مقدمہ پاکستان میں مذہبی آزادی، جبری تبدیلی مذہب، اقلیتوں کے حقوق اور عدالتی خودمختاری سے متعلق ان مقدمات میں شمار ہوتا ہے جنھوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں توجہ حاصل کی۔ اس کیس کو بعض بین الاقوامی میڈیا کے اداروں، انسانی حقوق کی تنظیموں اور یورپی حلقوں نے پاکستان میں جبری طور پر تبدیلی مذہب کو مثال کے طور پر پیش کیا ہے جبکہ پاکستانی عدالتوں کے فیصلوں اور سرکاری ریکارڈ میں اس معاملے کی ایک مختلف قانونی تصویر سامنے آئی ہے۔ اسی وجہ سے یہ مقدمہ ایک ایسے موضوع میں تبدیل ہوگیا ہے جہاں قانونی حقائق، عوامی تاثر اور بین الاقوامی بیانیے ایک دوسرے سے مختلف دکھائی دیتے ہیں۔ ادارتی نقطہ؟ نظر سے دیکھا جائے تو کسی بھی ایسے حساس مقدمے پر رائے قائم کرنے سے قبل عدالتی فیصلوں، قانونی شواہد اور آئینی اصولوں کو بنیادی حیثیت دینی چاہیے۔ اگرچہ انسانی حقوق کے معاملات میں آزادانہ تنقید اور نگرانی جمہوری معاشروں کا لازمی حصہ ہے لیکن ہر مقدمے کا فیصلہ الزامات یا سیاسی بیانیوں کے بجائے قابل قبول شواہد کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔

ماریہ شہباز فیصل آباد سے تعلق رکھنے والی ایک مسیحی خاتون تھیں جو ایک بیوٹی پارلر میں ملازمت کرتی تھیں۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق اسی دوران ان کی ملاقات محمد نقاش سے ہوئی اور دونوں کے درمیان تعلقات قائم ہوئے۔ 28 اپریل 2020ء کو ان کے گھر سے جانے کے بعد اہلِ خانہ نے اغوا کا مقدمہ درج کرایا جس پر پولیس نے فوری طور پر ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات کا آغاز کیا۔ اس مرحلے پر ریاستی اداروں نے شکایت کو نظرانداز نہیں کیا بلکہ قانون کے مطابق کارروائی کی۔ تحقیقات کے دوران معلوم ہوا کہ ماریا محمد نقاش کے ساتھ موجود ہیں اور دونوں نے شادی کر لی ہے۔ بعدازاں دونوں اپنی مرضی سے عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے احتیاطی طور پر ماریہ کو دارالامان منتقل کیا تاکہ وہ مکمل آزاد ماحول میں اپنا بیان دے سکیں۔ یہ اقدام اس لیے اہم تھا کہ عدالت اس امر کا اطمینان کر سکے کہ ان پر کسی قسم کا دباؤ یا جبر موجود نہیں۔ بعد میں لاہور ہائی کورٹ نے مقدمے کی سماعت کے دوران فریقین کے موقف، پولیس ریکارڈ، طبی معائنے، دستاویزی شواہد اور ماریا کے بیانات کا جائزہ لیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ پیش کیے گئے شواہد کی بنیاد پر جبری مذہب کی تبدیلی یا جبری شادی ثابت نہیں ہوتی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق ماریہ نے اپنی مرضی سے اسلام قبول کیا اور آزادانہ رضامندی سے شادی کی اس لیے انہیں اپنے شوہر کے ساتھ رہنے کی اجازت دی گئی۔ یہ مقدمہ صرف مذہب کی تبدیلی تک محدود نہیں تھا بلکہ عمر کے تعین کا سوال بھی اس کا بنیادی قانونی نکتہ تھا۔ والدین نے موقف اختیار کیا کہ ماریہ کم عمر تھیں جبکہ عدالت نے مختلف دستاویزات، طبی معائنے اور دیگر شواہد کا جائزہ لینے کے بعد انھیں بالغ قرار دیا۔ عدالت کے مطابق بعض پیدائشی دستاویزات بعد میں حاصل کی گئی تھیں اس لیے ان کی قانونی حیثیت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ آخرکار عدالت نے دستیاب شواہد کی بنیاد پر یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ماریہ قانونی طور پر بالغ ہیں اور اپنے فیصلے خود کرنے کی اہل ہیں۔

اس مقدمے نے ایک اہم اصول کو بھی نمایاں کیا کہ پاکستان کا آئین ہر بالغ شہری کو مذہبی آزادی اور اپنی پسند سے شادی کرنے کا حق دیتا ہے بشرطیکہ یہ فیصلہ آزادانہ رضامندی سے کیا گیا ہو۔ آئین کا آرٹیکل 20 مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے جبکہ دیگر بنیادی حقوق شہریوں کی شخصی آزادی، وقار اور مساوات کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ اسی لیے پاکستانی عدالتیں ایسے مقدمات میں مذہبی شناخت کے بجائے شواہد، رضامندی اور قانونی اہلیت کو بنیادی حیثیت دیتی ہیں۔ تاہم اس مقدمے کے گرد موجود بین الاقوامی بحث کو مکمل طور پر نظرانداز بھی نہیں کیا جا سکتا۔ بعض انسانی حقوق کی تنظیموں نے پاکستان میں کم عمر اقلیتی لڑکیوں کی شادیوں اور مبینہ جبری مذہب تبدیلیوں کے بارے میں عمومی خدشات کا اظہار کیا ہے اور ایسے معاملات میں مزید موثر قانونی تحفظ، شفاف تحقیقات اور متاثرہ افراد کے لیے آزادانہ قانونی معاونت کی سفارش کی ہے۔ دوسری جانب پاکستانی عدالتوں نے متعدد مقدمات میں یہ واضح کیا ہے کہ ہر کیس کے حقائق الگ ہوتے ہیں اور کسی ایک مقدمے کی بنیاد پر عمومی نتیجہ اخذ نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئینی اور قانونی اقدامات بھی موجود ہیں۔ پارلیمنٹ میں اقلیتوں کے لیے مخصوص نشستیں، سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ، مذہبی تہواروں کے دوران سکیورٹی، عبادت گاہوں کا تحفظ، اقلیتی طلبہ کے لیے تعلیمی سہولیات اور ہندو میرج ایکٹ و سکھ میرج ایکٹ جیسے قوانین اسی سلسلے کی مثالیں ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد اقلیتوں کو مساوی شہری حقوق فراہم کرنا ہے اگرچہ ان قوانین کے موثر نفاذ اور عملی اطلاق پر بحث جاری رہتی ہے۔

اس مقدمے کا سب سے اہم سبق یہ ہے کہ حساس مذہبی اور سماجی معاملات میں عدالتی عمل کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے۔ اگر کسی فیصلے سے اختلاف ہو تو اس کا قانونی طریقہ اپیل اور عدالتی نظرثانی ہے نہ کہ صرف عوامی یا سیاسی بیانیوں کی بنیاد پر قطعی نتائج اخذ کرنا۔ اسی طرح ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے مقدمات میں شفاف تحقیقات، متاثرہ افراد کے تحفظ، آزادانہ قانونی معاونت اور عدالتی نگرانی کو مزید مضبوط بنائے تاکہ عوام کا اعتماد برقرار رہے۔ ماریہ شہباز کیس کو نہ تو محض ایک سیاسی علامت کے طور پر دیکھا جانا چاہیے اور نہ ہی اسے تمام معاملات پر منطبق کیا جانا چاہیے۔ اس مقدمے میں پاکستانی عدالت نے دستیاب شواہد کی بنیاد پر فیصلہ دیا کہ ماریہ بالغ تھیں انھوں نے اپنی آزادانہ مرضی سے اسلام قبول کیا اور اپنی پسند سے شادی کی جبکہ عدالت کے سامنے جبری مذہب تبدیلی یا جبری شادی ثابت کرنے کے لیے کافی ثبوت پیش نہیں کیے گئے۔ ساتھ ہی یہ حقیقت بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ اقلیتوں کے حقوق اور مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے مضبوط قانونی نفاذ، موثر ادارہ جاتی نگرانی اور شفاف عدالتی عمل ہر جمہوری معاشرے کی مسلسل ذمہ داری ہے۔ اسی متوازن نقطہ نظر سے ایسے حساس معاملات کو سمجھنا اور ان پر گفتگو کرنا زیادہ مناسب اور تعمیری ثابت ہوتا ہے۔

آپریشن ردالفتنہ 3، دشمن کے عزائم خاک میں

اسد اللہ غالب

بلوچستان کی سرزمین ایک بار پھر دہشت گردی کے ناسور کے خلاف پاک فوج اور سیکورٹی فورسز کی بے مثال قربانیوں اور بے پناہ جرات کی گواہ بنی ہے۔ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت زیارت، ہرنائی اور سوراب میں کی جانے والی حالیہ کارروائیاں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ریاست پاکستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم پر پوری طرح قائم ہے اور دشمن کی کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی سلسلے میں خفیہ اطلاعات پر مبنی ایک بڑے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں آٹھ دہشت گرد جہنم واصل ہوئے اور ان کا مذموم ٹھکانہ بھی مٹی کا ڈھیر بنا دیا گیا۔ اسی طرح ضلع سوراب کے علاقے حاجکہ گاو؟ں میں ایک اور کامیاب کارروائی میں ایک دہشت گرد کو ہلاک کیا گیا، جہاں سیکورٹی فورسز نے دشت کٹائی اور حاجکہ کے درمیان مو؟ثر ناکہ بندی قائم کر کے دہشت گردوں کی نقل و حرکت کا کامیابی سے سراغ لگایا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، دستی بم، واکی ٹاکی اور موٹر سائیکل برآمد ہونا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ عناصر کس قدر منظم انداز میں ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث تھے، اور یہ کہ ہماری بہادر افواج نے کس مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ ان کے عزائم خاک میں ملائے۔

یہ محض ایک کارروائی کی خبر نہیں بلکہ اس عزم کا اعلان ہے جو پوری قوم اور اس کی قیادت نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ طور پر کر رکھا ہے۔ آج پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر، دہشت گردی کے خلاف اس فیصلہ کن جنگ میں مکمل طور پر ایک پیج پر ہیں۔ یہ اتحاد محض ایک نعرہ نہیں بلکہ زمینی حقائق میں ڈھلتا ہوا وہ عملی اتفاق رائے ہے جس نے دشمن کی صفوں میں کھلبلی مچادی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بارہا اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے تک ریاست کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، اور ان کی حکومت نے سیکورٹی فورسز کو ہر ممکن وسائل اور سیاسی حمایت فراہم کی ہے تاکہ آپریشن ردالفتنہ اپنے منطقی انجام تک پہنچ سکے۔ دوسری جانب فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے جس پیشہ ورانہ مہارت، انٹیلی جنس بنیاد پر منصوبہ بندی اور میدانِ عمل میں عملی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ دنیا بھر میں پاکستانی افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ سیاسی اور عسکری قیادت کا یہ ہم آہنگ اتحاد ہی دراصل وہ طاقت ہے جس نے دہشت گردی کے خلاف اس جنگ کو فیصلہ کن مرحلے میں داخل کیا ہے۔

بلوچستان، جو اپنے قدرتی وسائل، معدنیات اور تزویراتی اہمیت کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ ہے، بدقسمتی سے کئی دہائیوں سے بیرونی سرپرستی یافتہ دہشت گردی کا نشانہ بنتا رہا ہے۔ دشمن قوتیں، جن کے عزائم پاکستان کی ترقی اور استحکام کو روکنا ہے، اپنے مذموم ایجنٹوں کے ذریعے اس خطے میں انتشار پھیلانے کی کوششیں کرتی رہی ہیں۔ لیکن آپریشن ردالفتنہ کے تسلسل نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اب ریاست پاکستان ہر قیمت پر اپنی سرزمین کو دہشت گردوں سے پاک کرنے کے مشن پر گامزن ہے۔ زیارت، ہرنائی اور سوراب میں حالیہ کامیابیاں اس بات کی دلیل ہیں کہ سیکورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بنیاد پر کارروائیاں پہلے سے کہیں زیادہ موثر اور نتیجہ خیز ہو چکی ہیں۔ خفیہ اطلاعات پر فوری اور درست ردعمل، دشمن کے ٹھکانوں کی نشاندہی اور ان کے مکمل خاتمے کی صلاحیت اس بات کی گواہ ہے کہ ہماری افواج نے جدید ٹیکنالوجی اور مقامی انٹیلی جنس نیٹ ورک کے امتزاج سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فیصلہ کن برتری حاصل کر لی ہے۔ یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ پاکستان نے اس جنگ میں انتہائی گراں قدر جانی و مالی قربانیاں دی ہیں۔ ہزاروں جوانوں اور افسران نے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ہزاروں بے گناہ شہریوں نے دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ کر اپنی زندگیوں سے ہاتھ دھوئے، اور معیشت کو بھی اربوں ڈالر کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ لیکن ان قربانیوں نے کبھی قوم کے حوصلے کو پست نہیں ہونے دیا، بلکہ ہر شہادت نے عزم کو مزید پختہ کیا۔ آج جب ہم زیارت، ہرنائی اور سوراب میں کامیاب کارروائیوں کی خبریں سنتے ہیں تو دراصل یہ انہی شہداء کے خون کا ثمر ہے جنھوں نے اپنی جانیں وطن پر نچھاور کیں۔ ان شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، اور ریاست پاکستان اس عزم پر قائم ہے کہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ اور دیرپا امن ہی اس ملک کا حتمی مقدر ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کی سیاسی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی عسکری قیادت کا امتزاج دراصل وہ نسخہ ہے جس نے پاکستان کو داخلی اور خارجی محاذ پر یکساں مضبوط بنایا ہے۔ حالیہ عرصے میں جس طرح سیاسی و عسکری قیادت نے بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کے موقف کو موثر انداز میں پیش کیا، اسی طرح داخلی سطح پر بھی دہشت گردی کے خلاف اس مربوط حکمتِ عملی نے دشمن کو یہ پیغام دیا ہے کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری اکائیاں تقسیم نہیں بلکہ متحد ہیں۔ یہی اتحاد اور یکجہتی دراصل وہ اصل طاقت ہے جس سے دشمن سب سے زیادہ خوفزدہ ہے، کیونکہ وہ ہمیشہ سے پاکستان کے اداروں کے مابین اختلافات پیدا کر کے ریاست کو کمزور کرنے کی سازش کرتا رہا ہے۔ بلوچستان میں امن کا قیام محض ایک عسکری ہدف نہیں بلکہ قومی ترقی کا ناگزیر تقاضا بھی ہے۔ سی پیک جیسے منصوبے، گوادر پورٹ کی تعمیر و ترقی اور صوبے کے معدنی وسائل سے استفادہ تبھی ممکن ہے جب یہاں پائیدار امن قائم ہو۔ دہشت گرد عناصر دراصل انہی ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں تاکہ پاکستان کی معاشی خوشحالی کا سفر روکا جاسکے۔ لیکن سیکورٹی فورسز کی مسلسل اور بلاتعطل کارروائیاں اس بات کی ضامن ہیں کہ دشمن کے یہ عزائم کبھی پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکیں گے۔ زیارت اور ہرنائی کے پہاڑی سلسلے میں کی جانے والی کارروائی اور سوراب میں دہشت گردوں کے نیٹ ورک کی نشاندہی اس بات کی علامت ہے کہ ریاستی رٹ اب صوبے کے دور دراز اور دشوار گزار علاقوں تک بھی موثر طور پر قائم ہو چکی ہے۔ یہ بھی خوش آئند امر ہے کہ عوامی سطح پر بھی سیکورٹی فورسز کے ساتھ تعاون کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ مقامی آبادی، جو خود دہشت گردی کے مظالم کا شکار رہی ہے، اب کھل کر ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی نظر آتی ہے۔ یہی وہ اصل کامیابی ہے جو کسی بھی جنگ کو حتمی فتح سے ہمکنار کرتی ہے، کیونکہ عوام کی حمایت کے بغیر کوئی بھی ریاستی حکمتِ عملی مکمل کامیابی حاصل نہیں کر سکتی۔ سیکورٹی فورسز کی جانب سے مقامی آبادی کے تحفظ کو یقینی بنانا اور ساتھ ہی دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کرنا، دونوں پہلو اس حکمتِ عملی کا اہم حصہ ہیں جس کی بدولت آج بلوچستان میں امن کی نوید سنائی دے رہی ہے۔ یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت زیارت، ہرنائی اور سوراب میں حاصل ہونے والی کامیابیاں محض ایک عارضی فتح نہیں بلکہ اس طویل اور صبر آزما جدوجہد کا تسلسل ہیں جس کا مقصد پاکستان کو دہشت گردی سے مکمل طور پر پاک کرنا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں یہ اتحاد، یہ ہم آہنگی اور یہ مشترکہ عزم اس بات کی ضمانت ہے کہ پاکستان جلد ہی امن و امان کا گہوارہ بن کر ابھرے گا۔ قوم کو اپنی افواج پر مکمل اعتماد ہے اور یہ یقین ہے کہ جس طرح ماضی میں ہر چیلنج کا کامیابی سے مقابلہ کیا گیا، اسی طرح دہشت گردی کے اس ناسور کو بھی جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور بلوچستان سمیت پورا پاکستان جلد ہی پائیدار امن، خوشحالی اور ترقی کی نئی منزلوں کی جانب گامزن ہوگا۔

آزاد کشمیر کے انتخابی نتائج

سعد اختر

آزاد جموں و کشمیر 13,300 مربع کلومیٹر یعنی 5,135 مربع میل پر محیط پہاڑی سلسلوں میں گھری ایک خوبصورت وادی ہے جو پاکستان کے زیر انتظام ایک خودمختار ریاست ہے۔ اس کا دارالحکومت مظفرآباد ہے جبکہ یہ 10 اضلاع اور تین ڈویژنوں پر مشتمل ہے۔ مظفرآباد، میرپور، پونچھ اور راولاکوٹ اس کے ڈویژن ہیں۔ اس کی کل تحصیلیں 27 ہیں اور آبادی 40 لاکھ کے قریب ہے۔ یہاں ہندکو، گوجری، پنجابی اور کشمیری زبانیں بولی جاتی ہیں، شرح تعلیم 65 فیصد ہے۔ اردو اور انگریزی، ریاست کی سرکاری زبان ہے۔

تاریخ کا مشاہدہ کریں تو جموں و کشمیر برصغیر کی شاہی ریاستوں میں سے ایک تھی۔ انگریزوں نے جب سکھوں سے وادء کشمیر کو حاصل کیا تو مختلف علاقوں کو اکٹھا کر کے اسے جموں و کشمیر کا نام دے دیا۔ بعدازاں جموں سے تعلق رکھنے والے ہندو ڈوگرہ خاندان کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔ 1947ء تک اس ہندو ڈوگرہ شاہی خاندان نے ریاست پر حکومت کی۔ اس دوران مسلمان اکثریت پر بھاری ٹیکس بھی عائد کیے گئے۔

47ء سے قبل جموں، ریاست سے الگ جبکہ کشمیر بھی ایک الگ ریاست تھی جسے آج آزاد کشمیر کے نام سے جانا جاتا ہے۔ آزاد کشمیر کی 182 یونین کونسلز ہیں اور یہ 29 انتخابی حلقوں پر محیط ہے۔ اس میں مقیم آبادی کے 16 لاکھ افراد روزگار کے سلسلے میں بیرون ملک بھی اقامت اختیار کئے ہوئے ہیں۔

آزاد کشمیر کے 12 انتخابی حلقے ایسے بھی ہیں جو پاکستان میں مقیم کشمیری مہاجرین کے لیے مختص ہیں۔ مہاجرین کی ان نشستوں کے لیے انہی افراد کو ووٹ ڈالنے کی اجازت ہے، جو کشمیری مہاجر ہونے کا ریاستی سبجیکٹ سرٹیفکیٹ رکھتے ہیں۔

آزاد کشمیر کا اپنا آئینی صدر اور قانون ساز اسمبلی ہے۔ اس کی مرکزی عدالت سپریم کورٹ کہلاتی ہے جبکہ ریاست کا انتظامی سربراہ وزیراعظم ہوتا ہے جس کا انتخاب آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کرتی ہے۔ تاہم آزاد کشمیر پر وفاق پاکستان کو آئینی کنٹرول حاصل ہے، دفاع، کرنسی، خارجہ اور معاشی امور پاکستان کے پاس اور اُس کے زیر انتظام ہیں۔ آزاد کشمیر کے ذرائع آمدن آبی وسائل، بجلی، سیاحت، جنگلات اور نباتات ہیں۔ آبادی کے لحاظ سے اس کا سب سے بڑا ضلع کوٹلی ہے۔

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

خریدار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے جنگ شروع ہوتے ہی پی ایس ڈی پی پر کٹ لگا کر 128 ارب روپے فراہم کئے تھے تاکہ عوام کو یکدم آسمان سے باتیں کرتی پٹرولیم کی قیمتوں سے بچایا جاسکے، حکومت نے عام آدمی کو بچانے کیلئے فوری اقدامات کئے، صوبوں نے بھی اس میں اپنا کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ آئندہ دنوں میں صورتحال بہتر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کاوشیں رنگ لائیں گی، ہم کوشش کررہے ہیں کہ کشیدگی میں کمی آئے، حکومت نے اڑھائی سال میں معیشت کی بہتری کیلئے جو اقدامات کئے ہیں اس کے اثرات آہستہ آہستہ سامنے آرہے ہیں، امن کی صورتحال کا معمول پرآنا اس کیلئے ضروری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے کل ریٹیلرز کیلئے ایپ کا آغاز کیا ہے اس سے امید ہے کہ تاجر برادری جن کی مشاورت سے اقدامات کئے گئے ہیں مطمئن ہوگی، ایف بی آر کو واضح ہدایات دی ہیں کہ تاجروں کی مشاورت سے منصوبہ بندی کی جائے اور انہیں اگر کسی نے تنگ کرنے کی کوشش کی تو وہ سزا کیلئے تیار رہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیرخزانہ اور وزیرمملکت برائے خزانہ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ تاجروں کیلئے پہلی بار حکومت ایک اچھی سکیم لے کرآئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئی ٹی کی برآمدات میں بتدریج اضافہ ہورہا ہے، جولائی 2026 میں اس میں 18 فیصد اضافہ ہوا، یہ بہت بڑی کامیابی ہے جس کیلئے میں وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گوگل کا ایک وفد پاکستان آیا ہوا ہے جس سے دو دن پہلے ملاقات ہوئی تھی، گوگل کے پاکستان میں دفتر کا افتتاح ہوگیا ہے، حکومت ہر شعبے میں ڈیجیٹلائزیشن کیلئے اقدامات کررہی ہے، گورننس کا سارا نظام ڈیجیٹل ہونا چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کے ساتھ بامقصد بات چیت کیلئے تیار ہے، قومی اسمبلی میں بھی میں نے اس کی پیش کش کی تھی اور کابینہ میں بھی اور پھر یہ بات دہرانا چاہتا ہوں کہ ہم تیار ہیں اور اس فورم سے اپوزیشن کو پیش کش کرتا ہوں کہ وہ آئیں اور بیٹھ کر بات کریں، معاملات کو بات چیت سے طے کریں تاکہ پاکستان کی معاشی ترقی اور جمہوریت کو تقویت دے سکیں لیکن تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے اب اپوزیشن پر منحصر ہے کہ وہ کتنا جلد تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہوتے ہیں۔

بقیہ 2

کے موقع پر ہم دہشت گردی کے ہاتھوں اپنی جانیں گنوانے والے تمام افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور بچ جانے والے متاثرین، ان کے خاندانوں اور ان برادریوں کے ساتھ گہری یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں جن کی زندگیاں تشدد کے باعث ہمیشہ کے لیے بدل گئیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بہت بھاری قیمت ادا کی ہے، دو دہائیوں سے زائد عرصے سے، ہمارے لاکھوں شہری، جن میں بچے، سیاسی رہنما، مسلح افواج کے اہلکار، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار، امدادی کارکنان اور سرکاری ملازمین شامل ہیں، اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو سے لے کر آرمی پبلک اسکول پشاور کے معصوم بچوں اور اساتذہ سمیت دہشت گردی کا شکار ہونے والے بے شمار پاکستانیوں تک، دہشت گردی نے ایسے زخم دیے ہیں جو ہماری قومی یادداشت کا حصہ بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی ہمارے شہری اور سکیورٹی اہلکار بالخصوص خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں قربانیاں دے رہے ہیں، ہم ان کی بہادری کو سلام پیش کرتے ہیں اور دہشت گردی کے ہاتھوں اپنے پیاروں کو کھونے والے ہر خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مذہب، عقیدہ، مسلک، نظریہ، شکایت، مقصد یا سیاسی مفاد کبھی بھی بے گناہ انسانوں کے قتل کا جواز نہیں بن سکتا۔ دہشت گردی کی تمام اقسام اور مظاہر کی بلاامتیاز مذمت کی جانی چاہیے۔ عالمی برادری کو اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ کسی بھی ملک کی سرزمین کو دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے استعمال نہ کیا جائے اور کسی دہشت گرد تنظیم کو پناہ، مالی معاونت، اسلحہ، لاجسٹک مدد یا کسی بھی قسم کی بیرونی معاونت فراہم نہ ہو، اسی کے ساتھ، اس دن کی یاد کو ذمہ داری اور بحالی کا ذریعہ بھی بننا چاہیے، متاثرین اور دہشت گردی سے بچ جانے والے افراد اکثر برسوں تک جسمانی چوٹوں، نفسیاتی صدمے، روزگار کے نقصان، تعلیم میں تعطل اور سماجی تنہائی کا سامنا کرتے ہیں، ان کی تکالیف کا ازالہ محض فوری امداد یا ایک مرتبہ کی مالی معاونت سے نہیں کیا جا سکتا۔ وہ ہمدردی، طبی اور نفسیاتی معاونت، تعلیم، بحالی، قانونی معاونت اور روزگار کے ایسے مواقع کے مستحق ہیں جو انہیں وقار کے ساتھ اپنی زندگی دوبارہ تعمیر کرنے کے قابل بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان متاثرین کے لئے ایک مربوط معاونتی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے پُرعزم ہے، رواں سال متاثرین کی قیادت میں ڈیجیٹل اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، لہٰذا ہمیں ٹیکنالوجی کا ذمہ دارانہ استعمال کرتے ہوئے معلومات، امداد اور بحالی کی خدمات کو متاثرین اور ان کے خاندانوں کے لیے قابلِ رسائی بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے متاثرین کی مدد خیرات نہیں بلکہ انصاف، انسانی وقار اور قومی ذمہ داری کا معاملہ ہے، حکومتی اداروں، صحت اور تعلیمی اداروں، سول سوسائٹی، نجی شعبے، ذرائع ابلاغ اور ترقیاتی شراکت داروں کو مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ متاثرین اور ان کے خاندانوں کو مستقل اور مسلسل معاونت فراہم کی جا سکے، متاثرین کی تکلیف ہماری قومی اجتماعی یادداشت سے محو نہیں ہونی چاہیے جب وہ خبروں سے اوجھل ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف ہماری جدوجہد میں اس انتہا پسندی، عدم برداشت اور نفرت کا مقابلہ بھی شامل ہونا چاہیے جو تشدد کو جڑ پکڑنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ ہمیں ان سماجی، نسلی اور مذہبی امتیازات کا بھی تدارک کرنا ہوگا جنہیں انتہا پسند نفرت اور تقسیم پھیلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ جب عدم برداشت کو بڑھنے دیا جاتا ہے تو یہ شدت پسندی، پرتشدد انتہا پسندی اور بالآخر دہشت گردی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کو صرف سکیورٹی اقدامات کے ذریعے شکست نہیں دی جا سکتی۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں ہمارے نوجوانوں کو انتہا پسندی کی جانب مائل ہونے سے محفوظ رکھا جائے اور جہاں نسلی، مذہبی، مسلکی یا سیاسی اختلافات کو بھی بھی تشدد کا جواز نہ بننے دیا جائے۔ کسی بچے کو دہشت گردی سے پیدا کردہ خوف، صدمہ یا نفرت وراثت میں نہیں ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے پاکستان کے مختلف صوبوں، برادریوں، مذاہب اور اداروں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو نشانہ بنایا ہے، لیکن وہ ہمارے قومی عزم کو توڑنے میں ناکام رہے ہیں، ہمارے عوام کی قربانیاں کسی ایک صوبے، نسل، مسلک یا ادارے سے تعلق نہیں رکھتیں۔ یہ پاکستان کے لیے مجموعی طور پر دی جانے والی قربانیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سنجیدہ موقع پر آیئے، اپنے ان پیاروں کو یاد کریں جنہیں ہم نے کھو دیا، ان لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوں جو آج بھی دہشت گردی کے اثرات برداشت کر رہے ہیں، اور دہشت گردی کو شکست دینے اور ایک پُرامن، متحمل، کثیرالجہتی، ہمدرد اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنے اجتماعی عزم کی تجدید کریں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے، ان کے اہلِ خانہ کو صبر و حوصلہ دے اور پاکستان کو دائمی امن، استحکام، خوشحالی اور قومی یکجہتی عطا کرے۔

بقیہ 3

کی میز پر آتے ہیں۔ شہبازشریف نے کہا کہ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 32 روپے کی کمی خوش آئند ہے، خطے کے کئی ممالک میں ریفائنریز اور گیس پلانٹ بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزارتِ پٹرولیم کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، عالمی صورتِ حال کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہوتے ہیں، حکومت نے مشکل حالات میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے 128 ارب روپے مختص کیے۔ انہوں نے کہا کہ 128 ارب روپے کے لیے وفاقی حکومت نے پی ایس ڈی پی میں کٹوتی کی، عام آدمی کو ریلیف کی فراہمی میں صوبوں نے بھی ساتھ دیا، معیشت کے استحکام کے لیے اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ 4

صدر باکا کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔ صدر مملکت نے نومنتخب صدر باکا کی صحت، عافیت اور کامیابی کے ساتھ ساتھ ہنگری کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنی نیک تمناں کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 5

ریکارڈ (اے او آر) رفاقت حسین شاہ نے عدالت کو بتایا کہ مقدمے کے وکیل خیبر پختونخوا میں سیلاب میں پھنسے ہوئے ہیں جس پر جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ خیبر پختونخوا میں لینڈ سلائیڈنگ تو ہوسکتی ہے، سیلاب کیسے؟ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ باہر جا کر آپ ہی کہتے ہیں کہ مقدمات کے فیصلے نہیں ہوتے جبکہ ہر روز عدالتوں میں مقدمات کی تعداد بڑھ رہی ہے، اگر یہی رویہ رہا تو مقدمات بڑھتے رہیں گے اور یہ سب عوام کے ساتھ ظلم ہے۔ عدالت نے کہا کہ جرمانہ کریں تو بھی وکلا برا مانتے ہیں اور عدم پیروی پر مقدمہ خارج کریں تو بھی وکلا ناراض ہوتے ہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ کیس میں صرف ایک دن کا التوا دیا جائے گا اور ایک دن کے التوا پر بھی 20 ہزار روپے جرمانہ ہوگا جبکہ زیادہ التوا لینا ہے تو دو لاکھ روپے جرمانہ کیا جائے گا۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ مہنگائی بڑھ رہی ہے تو عدالتی جرمانے بھی بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وکلا خود بھی دلائل دے سکتے ہیں۔ جسٹس عامر فاروق نے اے او آر کے نظام سے متعلق ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ اگر اسی طرح چلتا رہا تو اے او آر کا عہدہ ختم کردیا جائے گا۔ سپریم کورٹ میں ایک اجلاس کے دوران اے او آرز کو ختم کرنے پر بھی بات ہوئی تھی اور وہ خود اس اجلاس میں شریک تھے۔ بعد ازاں عدالت نے سول مقدمے کی ساعت مختصر التوا کے ساتھ مقامی سطح تک ملتوی کردی۔

بقیہ 6

دوران 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کلی سوران میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس دوران فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ دہشتگرد موٹرسائیکلوں پر سوار ہوکر دہشتگردی کی کارروائی کرنے جارہے تھے جس دوران جدید ٹیکنالوجی اور ہتھیاروں سے دہشتگردوں کو نشانہ بنایا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا، دہشتگردوں سے 3 گاڑیاں، 2 موٹرسائیکل، آئی ای ڈی ڈیوائس، کالعدم تنظیم کا جھنڈا برآمد کیا گیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگرد لوٹ مار، اغوا، ٹارگٹ کلنگ، خودکش حملوں کی منصوبہ بندی میں ملوث تھے۔

بقیہ 7

ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے۔ پاکستان کو ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو صرف ملازمت کے متلاشی نہ ہوں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بنیں۔ ایک کامیاب کاروباری شخص اپنے لیے آمدنی کے ساتھ ساتھ دوسروں کے لیے بھی روزگار کے مواقع پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، تاہم ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، سرمایہ، ٹیکنالوجی، تربیت، رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی بھی ضروری ہے۔

بقیہ 8

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ میں ایف آئی اے سمیت تمام متعلقہ فریقوں کی ان کوششوں کو بھی سراہتا ہوں جن کے باعث ان کی پاکستان میں آمد اور بعد ازاں انتظامات خوش اسلوبی سے مکمل ہوئے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ میں سعودی وزارت خارجہ کے تعاون کو بھی دل کی گہرائیوں سے سراہتا ہوں بالخصوص جدہ میں فراہم کی جانے والی طبی امداد اور دیگر انتظامات پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اس امر کا اعادہ کرتا ہے کہ سمندری مسافروں اور ملاحوں کی حفاظت وسلامتی کو ہر وقت یقینی بنایا جانا چاہیے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ہم زخمی ملاحوں اور غمزدہ خاندانوں کو ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں

بقیہ 9

میں پشاور میں ہونیوالے وکلاء سول سوسائٹی اور عوام کے جلسے کی تاریخ اور جگہ کا اعلان کیا جائے گا اور اس جلسے سے متعلق دوسرے اہم ترین امور انتظامی و دیگر امور پر غور کیا جائے گا اجلاس میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر و حامد خان، منیر اے ملک، عابد زبیری کے علاوہ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے سیکرٹری، صدر سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن حسیب جمالی، نائب صدر پنجاب ربیعہ باجوہ، نائب صدر خیبر پختونخواہ علی زمان، لاہور ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر بابر مرتضیٰ، لاہور بار کے صدر عرفان حیات باجوہ کے علاوہ آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی سے تعلق رکھنے والے ممبران پاکستان بار کونسل، سندھ بار کونسل کے ممبران بھی شرکت کریں گے

بقیہ 10

کے قومی سطح احتجاجی دھرنے واحتجاج سے حکمران وطاقتور طبقات عوام کے سلگتے اجتماعی قومی مسائل حل کرنے پر مجبور ہوں گے۔ دھرنوں سے توجہ ہٹانے کیلئے بھی بہت کچھ ہورہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں مختلف وفود و ایس ایس پی گوادر سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا۔ ملاقات میں امن وامان اور منشیات کے خلاف کارروائی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پشکان میں مبینہ ڈیتھ اسکواڈ کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے پرزور دیا اور کہا کہ علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے قانون کے مطابق ضروری اقدامات کیے جائیں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے ضلع گوادر بھر میں منشیات کے خلاف مؤثر اور بلاامتیاز آپریشن کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ رکھا جاسکے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ان اہلکاروں کے معاملے پر بھی بات کی جو لیویز فورس کے پولیس میں انضمام کے وقت غیر حاضر تھے اور بعد ازاں ملازمت سے ڈسمس کیے گئے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایسے اہلکاروں کے معاملات کا جائزہ لے کر قانون اور ضابطے کے مطابق ان کی ملازمتیں دوبارہ فعال کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ ملاقات میں ضلع گوادر میں امن وامان کی بہتری، منشیات کے خاتمے اور عوام کو بہتر تحفظ فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 11

سوالات کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے سردار محمد یوسف نے بتایا کہ معمول کے طریقہ کار کے مطابق حجاج کرام کی سفری ذمہ داریاں پی آئی اے اور سعودی ایئر لائن کے درمیان 50، 50 فیصد کی بنیاد پر تقسیم کی جاتی ہیں جبکہ دیگر نجی ایئر لائنز کی گنجائش محدود ہونے کی وجہ سے بوجھ زیادہ تر قومی اور سعودی ایئر لائن پر ہی آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پروازوں کی تاخیر، تکنیکی مسائل یا سیفٹی وجوہات پر جو سوالات اٹھائے گئے ہیں، اس حوالے سے ہماری ہمیشہ واضح ہدایات رہی ہیں کہ حجاج کرام کو کسی صورت تکلیف نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ مسائل کے پیش نظر انہوں نے خود متعلقہ ایئر لائن اور متعلقہ وفاقی وزیر سے فوری رابطہ کرکے عازمین کو درپیش شکایات کے ازالے اور مستقبل میں فلائٹ آپریشن کے بروقت انعقاد پر زور دیا ہے۔

بقیہ 12

ہوئے دو گاڑیاں، اسلحہ اور دو اہلکاروں کو اپنے ہمراہ لے گئے جنہیں بعد ازاں چھوڑ دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جمعرات کو سرانان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس تھانے کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا اور جاتے ہوئے پولیس کی 2 گاڑیاں، اسلحہ اور 2 اہلکاروں کو اپنے ہمراہ لے گئے مسلح افراد نے بعد ازاں دونوں پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 13

سمجھتا ہوں، وزیراعظم سے کہوں گا کہ اس بار پیشکش کی حد تک نہ رکھیں، آپ آگے بڑھیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اس پر کوئی عملی اقدامات کریں تاکہ سیاسی مسائل کا حل نکالا جاسکے، بات چیت ہونی چاہیے، بات ہوگی تو مسائل کا حل نکلے گا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو اگر اس وقت تک منتقل نہیں کیا تو جلد سے جلد منتقل کرنا چاہیے۔

بقیہ 14

رفتار اضافے کے ساتھ وسائل میں متوازن اضافہ نہ ہونے کی صورت میں معاشی اور سماجی دباؤ میں مزید شدت آسکتی ہے ہمیں ملکر بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے کام کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے مقامی ہوٹل میں پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور یو این ایف پی اے کے زیراہتمام فیملی پلاننگ کی اشیاء کی مقدار بندی کو مضبوط بنانے اور کموڈیٹی ضرورت ٹول (سی آر) ٹریننگ ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری پاپولیشن ظفر علی بلیدی نے کہا کہ ملکی آبادی اور ترقی کے تناظر میں جامع اور موثر قومی حکمت عملی کی تشکیل کے لئے وفاقی حکومت کے زیرنگرانی قومی کونسل برائے آبادی قائم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے لیے بہترین منصوبہ سازی کے لیے یہ اعلیٰ سطحی قومی فورم وفاقی اور صوبائی حکومتی پالیسی ہم آہنگی اور اداراجاتی روابط کو یقینی بنائیگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کونسل قومی آبادی پروگرام کے نفاذ کے لیے پالیسی رہنمائی کے ساتھ ساتھ قومی ترجیحات کے مطابق مؤثر عمل درآمد کے ضمن میں ضروری اور بروقت فیصلہ سازی بھی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا قیمتی سرمایہ ثابت ہوسکتی ہے، بشرطیکہ انہیں معیاری تعلیم، فنی تربیت، جدید مہارتیں، بہتر طبی سہولیات اور باعزت روزگار فراہم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی اصل طاقت صرف اس کی آبادی کی تعداد میں اضافہ نہیں بلکہ اس آبادی کی تعلیم، صحت، مہارت اور پیداواری صلاحیت میں مضمر ہوتی ہے اگر انسانی وسائل پر بروقت سرمایہ کاری کی جائے تو بڑھتی ہوئی آبادی معاشی ترقی کا محرک بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی ایک بہت بڑا چیلنج بن چکی ہے حکومت نے بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے محکمہ پاپولیشن، یو این ایف پی اے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر شادی شدہ جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق شعور و آگاہی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا تہیہ کررکھا ہے جس کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن اور یو این ایف پی اے وقتاً فوقتاً اپنے ملازمین کی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے ورکشاپ کا انعقاد کرتا ہے جس سے ملازمین کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن نے فیملی پلاننگ کرنے والے شادی شدہ جوڑوں کا مکمل ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کردیا ہے اور فیملی پلاننگ پر عملدرآمد کرنے والے جوڑوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 15

توازن، مقامی وسائل کے بہتر استعمال اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو پاکستان انرجی کانفرنس 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی سربراہی میں توانائی سے متعلق قائم کمیٹی کا ماہانہ بنیاد پر اجلاس ہوتا ہےجس میں اس شعبے سے متعلق اہم امور اور پالیسی اقدامات کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جا رہا ہے کیونکہ محفوظ اور قابل اعتماد توانائی کا نظام ملکی معاشی ترقی کی بنیاد ہے، اس شعبے میں پائیداری اور معاشی ترقی کو ساتھ ساتھ آگے بڑھانا ہوگا۔

بقیہ 16

نے بتایا کہ Ssgcl کی جانب سے انکے کیس کے دونوں میٹر بغیر اطلاع کے نکال کر لے گئے۔ متعدد متعلقہ محکمے کو درخواست دی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری ساعت شروع کر دی۔ ساعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے دونوں میٹر فوری طور پر لگائیں جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے دونوں میٹر لگا دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 17

درآمدی بل میں رواں مالی سال کے پہلے ماہ جولائی کے دوران گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلے میں 5.19 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 1.27 ارب ڈالر کی سطح پر آ گیا۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان کے مطابق جولائی 2026 میں پٹرولیم گروپ کی مجموعی درآمدات 1 ارب 276.732 ملین ڈالر رہیں جبکہ جولائی 2025 میں یہ 1 ارب 346.552 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ اعداد و شمار کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی درآمدات 22.61 فیصد کمی کیساتھ 491.492 ملین ڈالر رہیں جو گزشتہ سال جولائی میں 635.049 ملین ڈالر تھیں۔ اسی طرح مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کی درآمدات بھی 23.60 فیصد کم ہو کر 176.680 ملین ڈالر رہیں جبکہ گزشتہ سال کے اسی ماہ میں یہ 231.262 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ دوسری جانب پٹرولیم خام تیل کی درآمدات میں 29.81 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 398.182 ملین ڈالر سے بڑھ کر 516.898 ملین ڈالر ہوگئیں۔ مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی درآمدات بھی 11.71 فیصد اضافے سے 91.662 ملین ڈالر رہیں جبکہ گزشتہ سال جولائی میں یہ 82.054 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئیں۔ ماہانہ بنیادوں پر بھی جولائی 2026 میں پٹرولیم گروپ کی درآمدات میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جون 2026 میں 1 ارب 909.515 ملین ڈالر کی درآمدات کے مقابلے میں جولائی میں پٹرولیم گروپ کا درآمدی بل 33.14 فیصد کم رہا۔

بقیہ 18

اسباب و محرکات، ذمہ داریوں کا تعین، سیکیورٹی انتظامات، پولیس کی تیاری، انسداد دہشت گردی کے اقدامات اور واقعے سے متعلق دیگر اہم امور شامل ہیں۔ کمیشن کا بنیادی مقصد واقعے کے حقائق کو مکمل طور پر سامنے لانا، ذمہ داریوں کا تعین کرنا اور مستقبل میں اس نوعیت کے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر سفارشات مرتب کرنا ہے۔ اعلامیے میں واضح کیا گیا ہے کہ معاملہ انتہائی حساس نوعیت کا ہے، لہٰذا کسی بھی قسم کی قیاس آرائی، غیر مصدقہ معلومات، افواہوں یا قبل از وقت رائے کے اظہار سے گریز کیا جائے۔ تحقیقاتی کمیشن اپنی کارروائی دستیاب ریکارڈ، دستاویزات، شواہد اور قانونی وتحقیقاتی اصولوں کے مطابق مکمل کرے گا، جبکہ حتمی نتائج اور سفارشات کمیشن کی رپورٹ میں سامنے لائی جائیں گی۔ کمیشن نے عوام، متعلقہ اداروں اور تمام افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ تحقیقات میں مکمل تعاون کرتے ہوئے درست معلومات، شواہد اور متعلقہ دستاویزات کمیشن کے سامنے پیش کریں، تاکہ واقعے کے حقائق تک پہنچنے میں مدد مل سکے۔ اعلامیے کے مطابق 28 اگست 2026ء تک دفتری اوقاتِ کار کے دوران تمام متعلقہ افراد تحقیقاتی کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری کے دفتر، واقع عدالتِ عالیہ بلوچستان، ہائی کورٹ روڈ کوئٹہ، میں حاضر ہو کر اپنا نام، عہدہ/پیشہ، موجودہ و مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ کی نقل کے ہمراہ واقعے سے متعلق معلومات، شواہد اور دستاویزات پیش کر سکتے ہیں۔ تحقیقاتی کمیشن کی جانب سے عوام اور تمام متعلقہ اداروں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ کمیشن کے سامنے صرف درست، مستند اور قابلِ تصدیق معلومات پیش کریں تاکہ تحقیقات شفاف، غیر جانبدارانہ اور مؤثر انداز میں مکمل کی جا سکیں۔

بقیہ 19

کے ماتحت اداروں کو ہدایت کی کہ سمندری اقتصادی سرگرمیوں سے متعلق پالیسیوں اور اقدامات میں متعلقہ شعبوں کی آرا اور سفارشات کو شامل کیا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ خدمت مراکز کی طرز پر ون ونڈو آپریشن کے قیام کیلئے کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ اس سہولت کے ذریعے کاروباری برادری کو مختلف سرکاری خدمات ایک ہی پلیٹ فارم پر دستیاب ہوں گی، جس سے سرمایہ کاروں اور بحری شعبے سے وابستہ کاروباری اداروں کیلئے سہولت پیدا ہوگی۔

بقیہ 20

وہ افراد شامل ہوتے ہیں جنہیں متعلقہ ملک کی حکومت باقاعدہ حراست میں لے کر سفارتخانے سے ایمرجنسی ٹریول دستاویزات بنوا کر ڈی پورٹ کرتی ہے، اپنی مرضی یا عام پاسپورٹ پر واپس آنے والے اس فہرست میں شمار نہیں ہوتے۔

بقیہ 21

تو وہ جلد از جلد اس حوالے سے مشاورت کیلئے اپنا منصوبہ کمیشن کے سامنے پیش کرے۔ جمعرات کو الیکشن کمیشن سے جاری بیان کے مطابق ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا کہ الیکشن کمیشن میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ مقرر کرنے سے متعلق اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن نثار احمد درانی، شاہ محمد جتوئی، بابر حسن بھروانہ اور جسٹس (ر) اکرام اللہ شریک ہوئے۔

بقیہ 22

قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں شہید ہونے والے ہمارے بہادر جوانوں اور معصوم شہریوں کی قربانیاں قومی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور قوم اپنے شہداء اور ان کے اہل خانہ کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے گی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ملک کے دفاع، امن اور سلامتی کے لیے ان کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عناصر معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر ملک میں خوف و ہراس پھیلانا اور پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، تاہم وہ اپنے مذموم عزائم میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف ہر سازش اور ملک میں بدامنی پیدا کرنے کی ہر کوشش کو قوم اور ریاستی ادارے مل کر ناکام بنائیں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قومی اتحاد اور ریاستی اداروں کے درمیان مؤثر تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والوں کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ آپریشن عزم استحکام کے تحت سیکیورٹی فورسز دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پوری قوم اور سیکیورٹی فورسز متحد ہوکر دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کریں گے اور پاکستان میں پائیدار امن، استحکام اور سلامتی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ دہشتگردی کے متاثرین کو یاد کرنے کا عالمی دن ہمیں ان معصوم شہریوں اور بہادر سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جنہوں نے ملک کے امن وسلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی سے متاثرہ خاندانوں کا دکھ اور ان کی قربانیاں ناقابلِ فراموش ہیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ پاکستان کی قوم نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں غیر معمولی عزم، حوصلے اور استقامت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتحاد، یکجہتی اور مشترکہ عزم کے ذریعے دہشتگردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔

بقیہ 23

پر بات چیت ہوئی، دونوں ممالک نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا۔ مذاکرات میں فلسطین، گولان کی پہاڑیوں اور افغانستان کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر بھی بات چیت ہوئی۔ شامی وزیر خارجہ نے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے پر دستخط کا خیرمقدم کرتے ہوئے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق شامی وزیر خارجہ نے کہا کہ امریکا ایران تنا میں کمی کے لیے پاکستان کی کوششوں کو بھی سراہتے ہیں، پاکستان اور شام نے امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 24

مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے، بھارت مقبوضہ کشمیر کی متنازع حیثیت بدلنے کی جتنی کوشش کرے، حقائق تبدیل نہیں کرسکتا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ کشمیر پر پاکستان کا مقف یواین کی قراردادوں اور حقِ خودارادیت پر مبنی ہے، امریکی سفیر کا کشمیر کو بھارت کا حصہ قرار دینا واشنگٹن کے سابقہ مقف سے مطابقت نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد کشمیر پر امریکی صدر کے بیان کا پاکستان نے خیرمقدم کیا، پاکستان اور بھارت کے درمیان امن کی راہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہی نکل سکتی ہے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ کشمیر پر یک طرفہ بھارتی مقف عالمی سطح پر تسلیم شدہ حقیقت کے طور پر پیش کرنا درست نہیں، امریکی قیادت کے پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے کردار ادا کرنے کی پیشکش کو سنجیدگی سے آگے بڑھانا چاہیے۔

بقیہ 25

حب الوطنی، جرات اور فرض شناسی کی لازوال مثال ہے۔ جمعرات کو راشد منہاس شہید کی 55 ویں برسی کے موقع پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ راشد منہاس شہید نے مادرِ وطن کے دفاع اور سلامتی کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا، ان کی بے مثال جرات، فرض شناسی اور وطن سے محبت نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ راشد منہاس شہید نے پاکستان کے دفاع اور قومی سلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا، وہ پاکستان کے کم عمر ترین سپوت ہیں جنہیں اعلیٰ ترین عسکری اعزاز نشانِ حیدر سے نوازا گیا۔ سپیکر نے کہا کہ قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہماری مسلح افواج نے ہمیشہ لازوال قربانیاں پیش کیں، راشد منہاس نے وطن کے دفاع میں جان قربان کرکے ثابت کیا کہ ملکی سلامتی ہر چیز پر مقدم ہے، انہوں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرکے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہدا قوم کے حقیقی ہیرو ہیں، قوم کو ان پر فخر ہے، قوم شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ سردار ایاز صادق نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس سمیت تمام شہداکے درجات کی بلندی کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ 26

ہے کہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کمپنی کے نخروں اور ڈراموں سے عوام تنگ آچکے ہیں۔ امن وامان کی صورتحال ناقص ہے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ افراد کے سامنے پولیس بے بس ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود بجلی کی بار بار بندش سے گھریلو صارفین، طلبہ، تاجر، صنعت کار اور کاروباری طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے جبکہ گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باعث شہریوں کو گھریلو ضروریات پوری کرنے میں بھی دشواری کا سامنا ہے، انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں مگر متعلقہ ادارے عوامی مشکلات کا ازالہ کرنے کے بجائے طفل تسلیوں، وعدوں اور عذر تراشیوں سے کام لے رہے ہیں، بجلی اور گیس کی فراہمی کسی حکومت یا ادارے کا احسان نہیں بلکہ عوام کا بنیادی حق ہے، حکومت اور متعلقہ محکموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو بلاتعطل بنیادی سہولیات فراہم کریں، رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ میں بدامنی، چوری ڈکیتی، منشیات فروشی، ٹریفک کے مسائل، تجاوزات اور دیگر جرائم میں اضافے نے پہلے ہی شہریوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے جبکہ انتظامیہ کی کمزور گرفت اور حکومتی رٹ کے فقدان کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے بلند ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ریاستی اداروں اور انتظامیہ کو اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 27

ملاقات میں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پشکان میں مبینہ مسلح گروہوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق مؤثر کارروائی اور ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بلاامتیاز آپریشن تیز کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے لیویز فورس سے پولیس میں انضمام کے دوران غیر حاضر رہنے والے اور بعد ازاں برطرف اہلکاروں کے معاملات کا قانون و ضابطے کے مطابق جائزہ لینے پر تبادلہ خیال کیا جبکہ رکن صوبائی اسمبلی نے واپڈا حکام سے ملاقات میں ضلع گوادر کے مختلف علاقوں میں خستہ حال بجلی کی تاروں کی تبدیلی، نئے ٹرانسفارمرز کی فراہمی و تنصیب اور بجلی کے مسائل کے فوری حل پر زور دیا گیا۔ بعد ازاں رکن اسمبلی نے گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول گوادر کے دورے پر اسکول کے مختلف کلاس رومز اور تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اسکول گراؤنڈ کی بہتری کے مطالبے پر انہوں نے کام جلد شروع کرانے کی یقین دہانی کرائی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ امن و امان، تعلیم، بجلی اور عوامی سہولیات کی بہتری ان کی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 28

سربراہان اور جوانوں نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ پاک فوج، پاک فضائیہ اور پاک بحریہ نے راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کے 55 ویں یوم شہادت کے موقع پر انہیں ملکی دفاع میں عظیم قربانی دینے پر پرخلوص اور شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز و آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور چیف آف ایئر سٹاف ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے بالخصوص اور پاکستان کی تمام مسلح افواج نے بالعموم وطن کے بے باک سپوت کو سلام پیش کیا۔ پاک فوج کے ترجمان ادارے نے بتایا کہ 20 اگست 1971ء کے روز پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید نے بے مثال شجاعت، پختہ عزم اور ڈیوٹی سے والہانہ وفاداری کا مظاہرہ کیا، ایک غیر معمولی چیلنج کے سامنے انہوں نے پاکستان کی خودمختاری اور آن بان کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ راشد منہاس شہید کا یہ بے لوث اقدام شجاعت، وفاداری اور وطن کے دفاع کی ایک درخشاں مثال ہے، قوم اور پاک افواج اس بہادر سپوت کی لاجواب قربانی کو کبھی فراموش نہیں کریں گی، پاک افواج اور پوری قوم نے اس موقع پر پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی مفادات کے تحفظ کے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ جاری بیان میں مزید کہا گیا کہ راشد منہاس شہید کی لافانی داستان شجاعت، وطن پرستی اور فرض شناسی کی ایک لازوال علامت کے طور پر آنے والی نسلوں اور پاکستان کی مسلح افواج کو ہمیشہ متاثر کرتی رہے گی۔

بقیہ 29

ایئرلائنز کے لیے فضائی آپریشن جاری رکھنا مشکل بنا دیا ہے، دو ارب ڈالر سے زائد کے مالی نقصان کے بعد بھارت کی پانچ بڑی ایئرلائنز، جن میں ایئر انڈیا، انڈیگو، ایئر انڈیا ایکسپریس، اکاسا ایئر اور اسپائس جیٹ شامل ہیں، کے لیے برطانیہ، یورپ، امریکا اور دیگر ممالک کے لیے فضائی آپریشن جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ اور مشرقِ وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال نے رہی سہی کسر بھی پوری کردی ہے۔

بقیہ 30

شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس جمعرات کو اسلام آباد میں منعقد ہوا وفاقی کابینہ نے وزارت بین الصوبائی روابط کی سفارش پر نیشنل ایڈولیسینٹ اینڈ یوتھ پالیسی کی اصولی منظوری دے دی۔ یہ پالیسی پاکستان کی نوجوان آبادی کو با اختیار بنانے کے حوالے سے ایک اہم پیشرفت ہے۔ اس پالیسی کے تحت حکومت کی سطح پر نوجوان آبادی کو مرکزی دھارے میں لایا جائے گا جو کہ نوجوانوں کو یکساں اور بہتر معاشی اور معاشرتی ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس پالیسی قومی فریم ورک کے چار بنیادی ستونوں میں تعلیم، روزگار، شمولیت اور ماحولیات شامل ہیں۔ اس پالیسی کے نفاذ کے حوالے سے پاکستان یوتھ ڈویلپمنٹ کونسل اور فیڈرل ایڈولیسینٹ اینڈ یوتھ ایجنسی کا قیام عمل میں لایا جا رہا ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس پالیسی کی تشکیل کے حوالے سے ملک بھر میں 32 ہزار 145 سروے کئے گئے اور اس حوالے سے 2 لاکھ سے زائد نوجوانوں کی آراء لی گئیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مذکورہ پالیسی کے حوالے سے کابینہ ارکین کے تجاویز کو پالیسی کا حصہ بنایا جائے۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے ریاستی ملکیتی ادارہ جات کے 9 جولائی، 2026 کو ہوئے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی۔ وفاقی کابینہ نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے 14 اگست، 2026 کے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کردی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے لیجسلیٹو کیسز کے 18 جون 2026، 30 جولائی، 2026، 5 اگست، 2026 اور 18 اگست، 2026 کے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کردی۔

بقیہ 31

جانے والا ڈائیورسفائیڈ پیمنٹ رائٹس پروگرام مستقبل میں حاصل ہونے والے اہل غیر ملکی کرنسی کے ادائیگیوں کے بہا کو بنیاد بنا کر طویل مدتی غیر ملکی کرنسی فنانسنگ متحرک کرنے کا ایک جدید طریقہ فراہم کرے گا۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان کے بیرونی فنانسنگ کے ذرائع کو متنوع بنانا اور عالمی کیپٹل مارکیٹس تک رسائی کو مزید بہتر بنانا ہے۔ پروگرام کے تحت ابتدائی ٹرانزیکشن میں 10 کروڑ امریکی ڈالر تک کی فنانسنگ حاصل کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 32

گولان کی پہاڑیوں کے معاملے پر شام کے مؤقف کی بھرپور حمایت کرے گا۔ شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے آج وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے شامی وزیر خارجہ اور ان کے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر احمد الشرع کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان سے اپنی حالیہ ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا۔

بقیہ 33

ہوئی تو حکومت اسے ہر صورت رجسٹرڈ کروائے گی۔ انہوں نے پی ٹی آئی دور حکومت کے تلخ رویوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت اپوزیشن کے ساتھ جو زبان استعمال کی گئی وہ سب کے سامنے ہے

بقیہ 34

بیرون ملک علاج کے لیے گئے تھے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی گئے ہے ان کے جواب کا انتظار ہے۔

بقیہ 35

میڈیا اکاؤنٹس بھی نئے رولز کے دائرے میں آ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق حکومت مخالف سرگرمیوں یا بیانیہ کی تشہیر میں ملوث سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی ہوگی جبکہ گمنام یا فرضی اکاونٹ سے حکومت یا اداروں کو بدنام کرنے والوں کو بھی نہیں چھوڑا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق کوئی افسر ذاتی سوشل میڈیا پر سرکاری کام کو تشہیر کیلئے بھی استعمال نہیں کرسکتا، سرکاری اکاونٹس کو بھی ذاتی تشہیر، برانڈنگ اور نمائش کیلئے استعمال کرنے پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق کسی بھی افسر سے سرکاری یا نجی سوشل میڈیا اکاونٹس کی تفصیلات مانگی جاسکتی ہیں جبکہ سرکاری سوشل میڈیا اکاونٹ بھی پیشگی تحریری اجازت سے بنائے اور چلانے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق سرکاری اکاونٹس پر صرف تصدیق شدہ سرکاری معلومات اور سرگرمیاں ہی نشر ہوں گی، عہدہ چھوڑنے والا افسر تمام سرکاری سوشل میڈیا اکاونٹس کا کنٹرول چھوڑنے کا پابند ہوگا ورلاگ اِن، آرکائیو ڈیٹا اور انتظامی رسائی نئے آنے والے کے سپرد کرے گا۔ حکومتی پالیسی یا موقف کیخلاف رائے یا معلومات نشر کرنے پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قواعد کے دائرے میں ٹی وی، ریڈیو، پوڈ کاسٹ، بلاگ، ویڈیوز، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا شامل ہیں، رولز کی خلاف ورزی پر سرکاری افسران کیخلاف محکمانہ کارروائی ہوگی۔

بقیہ 36

ہائیکورٹ میں چھٹیاں کب تک ہیں؟ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ 6 ستمبر سے باضابطہ کام کا آغاز کرے گی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے موقف اختیار کیا کہ سزا معطلی کی اپیلیں قابل سماعت نہیں ہیں۔ جسٹس اشتیاق ابراہیم نے استفسار کیا کہ نا قابل سماعت ہونے کا قانون میں کہاں لکھا ہے؟۔

بقیہ 37

بنیادی غذائی اشیاء تک رسائی بڑھانے کے لیے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ زمیرا حیدر، سینئر نیشنل پروگرام منیجر، لارج اسکیل فوڈ فورٹیفکیشن (LSFF) پاکستان، اور محمد سجاد، نیشنل پروگرام منیجر (ریگولیشن)، LSFF پاکستان بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر نے اس امر پر زور دیا کہ غذائیت کے شعبے میں بہتر نتائج کے لیے وفاقی و صوبائی حکومتوں کے درمیان مضبوط رابطہ، پالیسیوں پر مؤثر عملدرآمد اور غذائی پروگراموں کا دائرہ کار وسیع کرنا ضروری ہے، بالخصوص دیہی اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والی کمزور آبادی کے لیے۔

بقیہ 38

پائیدار امن کے ساتھ ساتھ روزگار، تعلیم، ترقی، سیاسی نمائندگی، انصاف اور عوامی اعتماد کے مسائل بھی یکساں اہمیت رکھتے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ریاستی قیادت کی جانب سے بلوچستان کے سیاسی، قبائلی اور سماجی حلقوں سے براہِ راست رابطوں میں اضافہ ایک مثبت اور ضروری اقدام ہے۔ اس ملاقات کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ بلوچ عمائدین کو اعلیٰ سطح پر اپنی شکایات، تحفظات اور تجاویز براہِ راست پیش کرنے کا موقع ملا۔

بقیہ 39

سیکھیں، وزیر قانون نے کہا بل اراکین کے ٹیب میں موجود ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم اس پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، ہم چاہتے ہیں قانون سازی ہو، بل آپ لے کر دیں، ساتھی پڑھ لیں گے اور اپنی رائے دیں گے، کم از کم دو تین دن رکھیں اس پر بحث ہو۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو آسمان کا مسئلہ بنا دیا ہے، بدترین کریمنل کا حق ہوتا ہے کہ اس کی صحت کا خیال رکھا جائے۔

بقیہ 40

نے بتایا کہ بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے زمین اور جائیداد سے متعلق تنازعات کا بروقت اور شفاف حل حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کے بعد پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں اوورسیز کورٹس قائم کر کے فعال کر دی گئی ہیں جہاں دیارِ غیر میں مقیم پاکستانیوں کے مقدمات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جا رہا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں اوورسیز کورٹس کے قیام کے حوالے سے وفاقی حکومت کی جانب سے باقاعدہ درخواست اور بل بھجوایا گیا تھا جو تاحال صوبائی حکومت کے پاس زیر غور ہے۔ انہوں نے کے پی کے اراکین اور قیادت سے اپیل کی کہ وہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے رابطہ کر کے اوورسیز کورٹس کے بل کو جلد منظور کرائیں تاکہ وہاں بھی عدالتیں فعال ہو سکیں۔ عون چوہدری نے کہا کہ اسی طرز پر حکومت سندھ سے بھی رابطہ کیا گیا ہے اور وزیر اعلیٰ سندھ سے بھی گزارش کی جا رہی ہے کہ وہ صوبے میں سمندر پار پاکستانیوں کیلئے خصوصی کورٹس کے قیام کے عمل کو تیز کریں۔ اس موقع پر سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وفاقی وزیر کو ہدایت کی کہ وہ اس معاملے پر تحریری طور پر آگاہ کریں تاکہ سندھ اور کے پی کے میں پارلیمان کی سطح پر بھی قانون سازی اور صوبائی رابطوں کے سلسلے میں ضروری اقدامات کو آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 41

کے انعقاد کی تاریخ مقرر کرنے سے متعلق اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن نثار احمد درانی، شاہ محمد جتوئی، بابر حسن بھروانہ اور جسٹس (ر) اکرام اللہ شریک ہوئے۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے چار رکنی کابینہ کمیٹی ذیشان رفیق منسٹر لوکل گورنمنٹ کی سربراہی میں شریک ہوئی جس میں سردار شیر علی گورچانی وزیر مائنز اینڈ منرل، سید محمد عاشق حسین شاہ وزیر ایگریکلچر، رانا سکندر حیات وزیر ایجوکیشن شامل ہیں۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری پنجاب اور اسپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ (LG & CD) بھی شریک ہوئے۔ اس کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن اور الیکشن کمیشن کے دیگر سینئر افسران نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ چیف الیکشن کمشنر نے بلدیاتی حکومتوں کے قیام کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور کہا کہ آئین پاکستان کیا آرٹیکل 140-A کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک آئینی تقاضہ ہے اور الیکشنز ایکٹ کی دفعہ (4)219 کے تحت بلدیاتی حکومتوں کی معیاد ختم ہونے کے 120 دن کے اندر الیکشن کمیشن بلدیاتی انتخابات کروانے کا پابند ہے۔ الیکشن کمیشن کو بریف کیا گیا کہ پنجاب میں حلقہ بندی کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ الیکشنز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)219 اور پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی دفعہ 59 کے تحت بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان کیلئے صوبائی حکومت سے مشاورت ضروری ہے۔ پنجاب مشاورتی کمیٹی کے کنوینئر ذیشان رفیق منسٹر لوکل گورنمنٹ نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ چیف منسٹر پنجاب صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کیلئے پرعزم ہیں اور انہوں نے اس کمیٹی کو مشاورت کا مکمل اختیار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بلدیاتی انتخابات کا پراسس شروع کرنا ہے۔ اور (Resources) کی مناسب فراہمی کیلئے بھی وقت درکار ہے۔ اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے عمل میں ٹیچنگ سٹاف کی خدمات زیادہ درکار ہوتی ہیں۔ لہذا بلدیاتی انتخابات 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کو کروانا زیادہ مناسب ہے، کیونکہ اس دوران بچوں کے امتحانات بھی ہو چکے ہونگے۔ اور صوبہ میں دھند (Fog) کا مسئلہ بھی نہیں ہوگا۔ چیف سیکرٹری نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ صوبائی حکومت مذکورہ بالا تواریخ کے دوران صوبہ میں مرحلہ وار انتخابات کروانا چاہتی ہے تاکہ ان انتخابات کے لیے مناسب سیکورٹی کی فراہمی اور بہتر انتظامات کیئے جاسکیں۔ الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومت کی 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے دوران بلدیاتی انتخابات کروانے کی تجویز سے اصولی طور پر اتفاق کیا اور کہا کہ اگر صوبائی حکومت مرحلہ وار (in Phases) بلدیاتی انتخابات کروانا چاہتی ہے تو اس سلسلے میں جلد از جلد اپنا پلان الیکشن کمیشن کے سامنے مشاورت کیلئے پیش کرے۔ چیف الیکشن کمشنر نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں پنجاب کابینہ کی کمیٹی کی تجاویز کو سراہا اور کہا کہ اس سے ایک آئینی ذمہ داری کو مکمل کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔

بقیہ 42

فورسز کی ستائش کی اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کی بہادری قابل تحسین ہے، قوم کو اپنی سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دہشتگردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں امن دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کے لئے قوم اور سکیورٹی اداروں کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے۔

بقیہ 43

تھی کہ ذہنی مریض ہونے پر سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا جائے جبکہ مجرم نے ایسے شواہد پیش نہیں کیے کہ عدالت فیصلے پر نظر ثانی کرے۔ فیصلہ میں بتایا گیا کہ ریکارڈ سے ثابت ہے کہ مجرم انتہائی سنگین جرم کا مرتکب ہوا ہے، مجرم کا جرم ایسا نہیں تھا کہ اس کی سزا میں کمی کی جاسکے اور نظرثانی میں عدالت کا دائرہ اختیار انتہائی محدود ہوتا ہے جبکہ نظرثانی کی درخواست کو اپیل کے طور نہیں لیا جا سکتا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ اقوام متحدہ کے مطابق سال 2024ء میں 50 ہزار خواتین آشنا یا اہل خانہ کے ہاتھوں قتل ہوئیں، اسلام نے خواتین کو بے حد تحفظ اور احترام دیا ہے، خواتین پر تشدد، عدم تحفظ کا شکار کرنا شرعی اور دنیاوی قوانین کے خلاف ہے۔

بقیہ 44

کا نذرانہ پیش کر کے حب الوطنی، شجاعت اور فرض شناسی کی ایسی لازوال مثال قائم کی جو ہمیشہ ہمارے لیے مشعلِ راہ رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راشد منہاس شہید (نشان حیدر) کی 55 ویں برسی کے موقع پر ایک پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عظیم شہدا ہماری قومی طاقت اور حوصلے کی علامت ہیں، ہم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے، اللہ تعالیٰ راشد منہاس شہید سمیت تمام شہدائے وطن کے درجات بلند فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کی خودمختاری، سلامتی، علاقائی سالمیت اور قومی مفادات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں

بقیہ 45

400 پختہ تالاب اور منی ڈیم تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کاری نے بارش کا پانی ذخیرہ کرنے، سطحی کنوں، کاریزوں اور چیک ڈیموں سمیت پانچ مختلف اقدامات تجویز کئے ہیں جن کی مجموعی تخمینہ لاگت 56 ارب 80 کروڑ روپے ہے۔ دستاویزات کے مطابق 400 پختہ تالابوں اور منی ڈیموں کی تعمیر مجوزہ اقدامات کا سب سے بڑا حصہ ہے جس کیلئے مجموعی رقم میں سے 48 ارب روپے تجویز کئے گئے ہیں، اس منصوبے کو طویل مدتی اقدام کے طور پر درجہ بند کیا گیا ہے۔ وزارت نے مٹی کے کٹا کو کم کرنے کے لئے چیک ڈیموں کی تعمیر پر 6 ارب روپے خرچ کرنے کی تجویز بھی دی ہے۔

بقیہ 46

پلیٹ فارمز کے ذمہ دارانہ استعمال کو فروغ دینا ہے۔ جمعرات کو پی ٹی اے سے جاری بیان کے مطابق مفاہمتی یادداشت کے تحت پی ٹی اے اور گوگل کی جانب سے چائلڈ سیفٹی پروگرام کے لیے باہمی تعاون کیا جائے گا جس میں آگاہی، تعلیم اور استعداد کار میں اضافے کو اہمیت دی جائے گی۔ اس پروگرام کے ذریعے والدین اور اساتذہ کو عملی رہنمائی، ٹولز اور وسائل فراہم کیے جائیں گے تاکہ وہ بچوں کو ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ انداز میں رہنمائی فراہم کر سکیں۔ اس ضمن میں اہم اقدامات کے تحت انگریزی اور مقامی زبانوں میں آگاہی مواد کی تیاری، تعلیمی اداروں میں تربیتی پروگرامز کا انعقاد اور ملک گیر آگاہی مہم کے لیے معاونت شامل ہے جس کے ذریعے لاکھوں خاندانوں کی مقامی ضروریات کے مطابق آن لائن سیفٹی سے متعلق وسائل اور رہنمائی کی جائے گی۔ اس موقع پر چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ریٹائرڈ) حفیظ الرحمان نے بچوں کے تحفظ کے لیے اجتماعی کاوشوں اور تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز کے باہمی تعاون کی اہمیت پر زور دیا خصوصا ایسے وقت میں جب بچے تیزی سے ڈیجیٹل ماحول کا حصہ بن رہے ہیں۔ ممبر (کمپلائنس اینڈ انفورسمنٹ) پی ٹی اے ڈاکٹر خاور صدیق کھوکھر نے بچوں اور خاندانوں کے لیے محفوظ ڈیجیٹل ماحول کے فروغ کے حوالے سے ڈیجیٹل خواندگی اور آن لائن پلیٹ فارمز کے ذمہ دارانہ استعمال کی اہمیت پر زور دیا۔ پی ٹی اے اور گوگل کا یہ اشتراک بچوں کے محفوظ ڈیجیٹل مستقبل کے لیے دونوں اداروں کے مشترکہ عزم کا عملی اظہار ہے جس کا مقصد والدین اور اساتذہ کو مؤثر رہنمائی اور ضروری وسائل کے ذریعے بااختیار بنانا، ڈیجیٹل آگاہی کو فروغ دینا اور پاکستان میں بچوں اور خاندانوں کے لیے محفوظ، ذمہ دارانہ اور بااعتماد آن لائن ماحول کی تشکیل میں معاونت کرنا ہے۔

بقیہ 47

عدالت عالیہ بلوچستان کے معزز ججز، ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان لطیف کاکڑ، سروس ٹریبونل کے چیئرمین اکبر شاہ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرلز، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عطا اللہ لانگو، سینئر وکلاء اور لا افسران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے نئے تعینات ججز اور لا افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار ناگزیر ہے، جبکہ بار اور بینچ عدالتی نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ دونوں اداروں کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور اعتماد ہی مؤثر نظام انصاف کی ضمانت ہے۔

بقیہ 48

باہمی تعاون کے فروغ کے لیے کردار کو قابل قدر قرار دیا۔ دونوں جانب سے مشترکہ مقاصد کو عملی سرمایہ کاری اور معاشی شراکت داریوں میں تبدیل کرنے کے لیے مضبوط ادارہ جاتی روابط استوار کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے او آئی سی ممالک کے درمیان سرمایہ کاری کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ رکن ممالک کی مشترکہ معاشی طاقت، وسائل، منڈیاں اور انسانی سرمایہ باہمی مفاد پر مبنی سرمایہ کاری شراکت داریوں کے وسیع مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان برادر اسلامی ممالک کے ساتھ معاشی روابط کو مزید مضبوط بنانے اور سرحد پار سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں، کاروباری اداروں کے درمیان روابط اور ٹیکنالوجی کی شراکت داریوں کو فروغ دینے کا خواہاں ہے۔

بقیہ 49

متعلقہ ریاستی اداروں کو ایک میز پر بٹھا کر بامعنی، سنجیدہ اور نتیجہ خیز سیاسی مذاکرات کے ذریعے قابلِ قبول حل کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کا سفر نہ صرف رک چکا ہے بلکہ صوبے کو ایک مرتبہ پھر نوے کی دہائی کے بدترین حالات کی طرف دھکیل دیا گیا ہے؛ امن، سرمایہ کاری، روزگار اور معاشی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں اور ریاست وعوام کے درمیان اعتماد کا بحران گہرا ہوتا جا رہا ہے۔ بلوچستان کے مسائل کے حل کی بنیادی شرط عوامی تائید اور حقیقی مینڈیٹ کی حامل حکومت کا قیام ہے، کیونکہ عوام کے اعتماد کے بغیر کوئی بھی سیاسی یا انتظامی بندوبست دیرپا استحکام پیدا نہیں کرسکتا۔ وفاق کو بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پہل کرنا ہوگی اور عوامی حکومت کی تشکیل کے عمل کو سیاسی رشوت، جوڑ توڑ، سودے بازی اور محلاتی سازشوں کی نذر کرنے سے گریز کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل منصوبے اور مری معاہدوں جیسے بند کمروں میں ہونے والے فیصلوں اور سیاسی بندوبستوں نے بلوچستان کے سیاسی و جمہوری ڈھانچے کی جڑیں کمزور اور عوامی اعتماد کو مجروح کیا ہے؛ اب وقت آ گیا ہے کہ ماضی کی ان غلطیوں سے سبق سیکھتے ہوئے بلوچستان کے عوام کو ان کا حقیقی سیاسی حق، بااختیار نمائندگی اور پائیدار امن فراہم کیا جائے، کیونکہ بلوچستان کو طاقت کے ذریعے نہیں بلکہ انصاف، سیاسی شمولیت، عوامی مینڈیٹ، آئینی حقوق اور بامعنی مذاکرات کے ذریعے ہی بحران سے نکالا جاسکتا ہے۔

بقیہ 50

کہ ایک شخص ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی پولیس تھانے کی حدود لنجو صفاری شاخ نمبر اٹھ کے مقام پر زیر زمین دفن بارودی سرنگ پر موٹر سائیکل چڑھنے کے باعث دھماکہ رشید بگٹی موقع پر ہی جانبحق موٹر سائیکل تباہ ہوگئی واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کا گھیراؤ کرکے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

حکومت بانی پی ٹی آئی عمران خان کے علاج کے لیے عدالتی حکم کی پابند ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

عمران خان کا علاج سرکاری ہسپتال میں نہ ہو تو شفا بھیجیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت بانی پی ٹی آئی عمران خان کے علاج کے لیے عدالتی حکم کی پابند ہے۔ سینٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان کا علاج سرکاری ہسپتال میں نہ ہو تو شفا انٹرنیشنل اسپتال بھیجیں گے، بانی پی ٹی آئی کے بیرون ملک جانے کا فیصلہ بھی ہوسکتا ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پہلے بھی ایوان میں کہا تھا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر من وعن عمل کریں گے۔

پاکستان اور سعودی عرب کا خوراک کے 4 اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے خوراک کے چار اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے سعودی وزیر برائے ماحولیات و زراعت عبدالرحمٰن الفضلی جلد پاکستان کا دورہ کریں۔

سی ڈی ایف سے ملاقات بلوچستان میں قیام امن اور قومی مفاہمت کیلئے نئی امید ہے، محمد عبدالقادر

سیاست دانوں کیلئے بھی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہونے والی یہ ملاقات ایک اہم پیغام رکھتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ چیف آف ڈیفنس فورسز (سی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بلوچستان کے پارلیمنٹیرینز اور قبائلی عمائدین سے ملاقات صوبے میں قیام امن، سیاسی مفاہمت اور معاشی استحکام کی جانب ایک اہم اور مثبت پیشرفت ہے۔ یہ ملاقات محض ایک رسمی نشست نہیں بلکہ بلوچستان کے سیاسی، سماجی، معاشی اور سیکیورٹی مسائل کو وسیع تر قومی تناظر میں حل کرنے کی سنجیدہ کوشش ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملاقات کے دوران بلوچستان میں بہت جلد امن قائم کرنے اور بلوچ شہریوں کے تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی انتہائی اطمینان بخش ہے۔ بلوچستان میں (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی، مشعال ملک

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ کشمیر کی حقیقت کسی سفارتی بیان سے نہیں بدل سکتی۔ بھارت میں امریکی سفیر کے متنازع بیان پر ردعمل دیتے ہوئے مشعال ملک نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر بھارت کا حصہ ہے نہ ہی بھی ہوگا۔

شہباز شریف نے پنشنرز کیلئے پروف آف لائف کے جدید نظام کا افتتاح کر دیا

نئے بائیومیٹرک اور چہرے کا تصدیقی نظام انسانیت کی خدمت ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پنشنرز کے لیے پروف آف لائف کے جدید نظام کا افتتاح کر دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملکی ترقی کیلئے دن رات کوشاں ہیں، پنشنرز کیلئے نیا نظام بڑی خدمت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، وزیر خزانہ اور ڈاکٹر توقیر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، چیئرمین نادرا نے شاندار کام کیا۔



لورالائی، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی یونیورسٹی آف لورالائی پاکستانیات کوئز مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر چیک تقسیم کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ دھماکہ ایک شخص ہلاک ہوگیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں بارودی سرنگ دھما (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ کا پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کی برسی پر انہیں خراج عقیدت

راشد منہاس شہید کی بہادری، جرات اور فرض شناسی تاریخ حرب کا روشن باب اور پوری قوم کے لیے قابل تقلید مثال ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نشان حیدر پانے والے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کی برسی پر ان کی عظیم قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ راشد منہاس نے دفاع وطن کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ رقم کی۔ وزیر داخلہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ راشد منہاس شہید کی بہادری، جرات اور فرض شناسی تاریخ حرب کا روشن باب اور پوری قوم کے لیے قابلِ تقلید مثال ہے

سپریم کورٹ نے عمران خان کو جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں، رانا ثناء اللہ

شفا ہسپتال منتقلی کے خلاف نظرثانی درخواست دوبارہ دائر کی جارہی ہے، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کو جو ریلیف دیا گیا وہ قانون کے مطابق نہیں، ان کی شفا ہسپتال منتقلی کے خلاف نظرثانی درخواست دوبارہ دائر کی جارہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو ہسپتال منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف نظرثانی درخواست دوبارہ دائر کی جارہی ہے، نظرثانی کی درخواست کے بعد جو بھی فیصلہ آئے گا اس پر عمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سپریم کورٹ نے جو ریلیف دیا وہ قانون کے مطابق نہیں ہے، میاں نواز شریف کو سروسز ہسپتال منتقل کیا گیا تھا اور سروسز ہسپتال کے ڈاکٹرز کی رپورٹ کے بعد (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی چیز کو خطرہ ہو، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ آج کے بل میں کوئی ایسی بات نہیں تھی جس سے خدانخواستہ کسی چیز کو خطرہ ہو۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ جو آخری آئینی ترمیم ہوئی تھی آج اس کے مطابق قانون کو ڈھالا گیا ہے۔

یاماہا موٹر سائیکلز کی پاکستان سے مینوفیکچرنگ آپریشنز ختم کرنے کی بنیادی وجہ کمپنی کو درپیش مسابقتی دباؤ تھا، ہارون اختر خان

حکومتی پالیسیوں کے نتیجے میں کاروباری لاگت کم ہلکی صنعت کو مسابقتی بنانے کی کوششیں جاری ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت وتجارت ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ یاماہا موٹر سائیکلز کی پاکستان سے مینوفیکچرنگ آپریشنز ختم کرنے کی بنیادی وجہ ملکی معیشت، شرح سود یا بجلی کی قیمتیں نہیں بلکہ کمپنی کو درپیش مسابقتی دباؤ تھا۔ جمعرات کو سینیٹ اجلاس میں سینیٹر کامل علی آغا کی جانب سے جمع کرائے تحریری سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے انہیں خصوصی ہدایت کی تھی کہ یاماہا موٹر سائیکلز کے حکام سے ملاقات کر کے پاکستان سے کاروباری آپریشنز ختم کرنے کی وجوہات معلوم کی جائیں۔

پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی ہوگا، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم کا ملک گیر ہڑتال کا اعلان

مہنگائی نے عوام کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے اور ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 12 ربیع الاول کے اگلے ہفتے ملک بھر میں ہڑتال کی کال دیں گے، ہڑتال میں پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن بھی ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک میں کئی طرح کی صورتحال جاری ہے، مہنگائی نے عوام کو بری طرح متاثر کر رکھا ہے اور ہر شعبے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ حکومت کا نظام عوام کو ڈیلیور نہیں کر رہا۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی ایک بھتہ ٹیکس ہے، ہر لیٹر پر 80 روپے ایسا ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے جس کا کوئی جواز نہیں۔

کوئٹہ، بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل

ٹریک کی ضروری مرمت مکمل ہونے کے بعد ٹرین سروس معمول کے مطابق بحال کر دی جائے گی، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹرین سروس ایک روز کے لئے معطل کر دی گئی، کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس جمعرات کو روانہ نہ ہوسکی۔



کوئٹہ، کمشنر ایف بی آر رحمت اللہ درانی چیمبر آف سمال انڈسٹری کے دورے کے موقع پر ٹیکس بار ایسوسی ایشن بلوچستان کے چیئرمین سلیم رضا اور دیگر ممبران سے خطاب کر رہے ہیں

نور مقدم قتل کیس، مجرم ظاہر جعفر کی سزائے موت کیخلاف درخواست خارج، فیصلہ جاری

نظرثانی درخواست کو اپیل کے طور پر نہیں لیا جاسکتا، اسلام نے خواتین کو بے حد تحفظ اور احترام دیا، تشدد، عدم تحفظ کا شکار کرنا شرعی، دنیاوی قوانین کے خلاف ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے نور مقدم قتل کیس کے مرکزی مجرم ظاہر جعفر کی سزائے موت پر نظرثانی کی درخواست خارج کرنے کا تفصیلی فیصلہ جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ نظرثانی درخواست کو اپیل کے طور پر نہیں لیا جاسکتا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس اشتیاق ابراہیم نے 12 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ مجرم کی استدعا (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سپیکر قومی اسمبلی کا پنجگور میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

قوم کو اپنی سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پنجگور میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم کو اپنی سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ جمعرات کو اپنے بیان میں انہوں نے آپریشن میں 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ میں ترمیم اور ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 قومی اسمبلی اور سینیٹ سے منظور

اسلام آباد (این این آئی) ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ایکٹ 2026 میں ترمیم کے بل قومی اسمبلی اور سینیٹ سے کثرت رائے سے منظور ہوگئے۔

پنجاب حکومت کی جانب سے صوبے میں بلدیاتی انتخابات دسمبر یا جنوری میں کرانے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے صوبے میں بلدیاتی انتخابات دسمبر یا جنوری میں کرانے کی تجویز دی گئی ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان میں چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں صوبہ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اس وقت بدترین بدامنی، بے یقینی اور حکومتی ناکامی کے سنگین بحران سے دوچار ہے، مولانا عبدالواسع

وفاق کو بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پہل کرنا ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت بدترین بدامنی، بے یقینی اور حکومتی ناکامی کے سنگین بحران سے دوچار ہے؛ روزانہ بے گناہ شہریوں کی لاشیں مل رہی ہیں، تھانے اور سرکاری تنصیبات جلائے جارہے ہیں، جبکہ حکومت امن وامان قائم کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے۔ عوام کو عملاً دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، جبکہ حکومتی نمائندے عوام کے تحفظ کے بجائے اپنی ذاتی حفاظت کے لیے ریاستی وسائل استعمال کرنے میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کا حل محض طاقت، طاقت کے استعمال یا انتظامی جبر میں نہیں؛ طاقت بھی بھی پیچیدہ سیاسی وقومی مسائل کے پائیدار حل کا موزوں آپشن نہیں رہی۔ اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز، سیاسی قوتوں، قبائلی عمائدین، عوامی نمائندوں اور (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

حکومت نے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران معاشی استحکام کے حصول کیلئے نمایاں پیشرفت کی ہے، بلال اظہر کیانی

کاروباری طبقے اور سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے سنجیدہ اقدامات جاری ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران معاشی استحکام کے حصول کیلئے نمایاں پیشرفت کی ہے۔

پی ٹی اے اور گوگل کے درمیان پاکستان میں بچوں کے آن لائن تحفظ کے پیش نظر مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) اور گوگل ایل ایل سی کے درمیان آج بچوں کے آن لائن تحفظ کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے جس کا مقصد ملک میں بچوں، والدین، اساتذہ اور نگہداشت پر مامور افراد میں آن لائن تحفظ، آگاہی اور ڈیجیٹل (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، گرفتار غیر ملکی اسکیمر کا پاکستان میں بیٹھ کر اسکیمر سے ماہانہ 80 ہزار ڈالر کمانے کا اعتراف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کی کارروائی کے دوران پکڑے گئے انڈونیشین اسکیمر نے اعتراف کیا ہے کہ ہمارا گینگ اسکیمر سے ماہانہ 80 ہزار ڈالر کماتا ہے، ہمارا ہدف انڈونیشیا کی 40 سال سے زائد عمر کے قریب خواتین ہیں۔



کوئٹہ، پشتونخواہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام شہداء 8 اگست کے حوالے سے تقریب سے عبدالرحیم زیارتوال خطاب کر رہے ہیں



صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سیکریٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن سے ملاقات کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کا جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت وعدوں اور کنونشنز پر موثر عملدرآمد پر زور

تجارت، برآمدی کارکردگی بڑھانے کو ترجیح دی جائے، طے شدہ اقدامات پر بروقت عملدرآمد یقینی، رابطہ کاری مزید موثر بنائی جائے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت وعدوں اور کنونشنز پر موثر عملدرآمد پر زور دیا ہے۔ جمعرات کو نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں دوست ممالک، بالخصوص یورپی یونین کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی روابط کے فروغ کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دوست ممالک کے ساتھ تجارتی اور اقتصادی شراکت داری کو تیز کرنے کے طریقوں پر غور کیا گیا۔

پاکستان میں غذائی قلت اور مائیکرو نیوٹرینٹ کی کمی کے خاتمے کے لیے قومی کوششیں تیز

غذائیت کا تعلق براہِ راست قومی غذائی تحفظ، انسانی وسائل کی ترقی اور ملکی معاشی پیداواری صلاحیت سے ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے نیوٹریشن انٹرنیشنل پاکستان کے ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر ڈاکٹر عرفان اللہ کے ساتھ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی، جس میں غذائیت سے متعلق اقدامات، خوراک کی فورٹیفکیشن اور وفاقی وصوبائی حکومتوں کے درمیان تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مائیکرو نیوٹرینٹس کی کمی پر قابو پانے، ماؤں اور بچوں کی غذائیت بہتر بنانے اور ملک بھر میں غذائیت سے بھرپور اور فورٹیفائیڈ (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کے سسٹم پر رائے نہ ہی لیں تو بہتر ہے، جسٹس نعیم اختر افغان

سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونے دیں، سسٹم سے کیس غائب ہوسکتا ہے، ہم نہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیئے کہ سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونے دیں، سسٹم سے کیس غائب ہو سکتا ہے، ہم نہیں، ہم یہاں موجود ہیں۔ جمعرات کو سپریم کورٹ میں جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی اپیلوں پر سماعت کی، دوران سماعت جسٹس نعیم اختر افغان نے استفسار کیا کہ اسلام آباد (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

سوشل میڈیا پر حکومت مخالف بیانیہ پھیلانے والے سرکاری ملازمین کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

حکومت کا نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز پر سختی سے عمل کا فیصلہ، افسران سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی تفصیلات دینے کے پابند ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سوشل میڈیا کے استعمال کے حوالے سے سول سروس کنڈکٹ رولز کی خلاف ورزی کے مرتکب ملازمین کے خلاف کارروائی کا اصولی فیصلہ کرتے ہوئے سرکاری ملازمین کے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کی بھی کڑی نگرانی شروع کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت کی جانب سے نئے سول سرونٹس کنڈکٹ رولز 2026ء پر سختی سے عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت سرکاری افسران کے ذاتی سوشل (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

مریم نواز کا ستھرا پنجاب ورکر کو ہر ماہ 5 تاریخ سے قبل ادائیگی یقینی بنانے کا حکم

کمرشل اور رہائشی علاقوں میں ہر ماہ صفائی برقرار رکھنے والوں کو انوائرمنٹ فرینڈلی سٹیزن سٹیکر دیا جائے گا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب ورکر کو ہر ماہ پانچ تاریخ سے پہلے ادائیگی یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر 151 میں سے 149 ستھرا پنجاب کمپنی کے ورکرز کو ادائیگی مکمل کر لی گئی، ستھرا پنجاب ورکرز کو بروقت ادائیگی نہ کرنے والوں کے خلاف سخت اور فوری قانونی کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے، کمرشل اور رہائشی علاقوں میں ہر ماہ صفائی برقرار رکھنے والوں کو انوائرمنٹ فرینڈلی سٹیزن سٹیکر دیا جائے گا۔



گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ ایس ایس پی فلائٹ عطاالرحمٰن خان سے ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کو پمز ہسپتال منتقل کیے جانے کا امکان، تیاریاں شروع، حتمی فیصلے کا انتظار

سابق وزیراعظم کی ہسپتال منتقلی سے متعلق اہم اجلاس میں انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا، نجی ٹی وی کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے حوالے سے معلوم ہوا ہے کہ انہیں پمز ہسپتال منتقل کیے جانے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ہونے والے اہم اجلاس کے بعد عمران خان کو پمز منتقل کرنے کا امکان بڑھ گیا ہے تاہم انہیں منتقل کرنے کیلئے حتمی فیصلے کا انتظار کیا جا رہا ہے۔

عمران خان کی ہسپتال منتقلی فیصلے پر نظرثانی دوبارہ دائر کردی، عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی، رانا ثناءاللہ

سپریم کورٹ فیصلے سے کریمنل جسٹس سسٹم متاثر ہوگا، سوال یہ ہے فیصلہ ماتحت عدالتوں پر بائنڈنگ ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو اسپتال منتقل کرنے کی کوئی ڈیڈلائن نہیں ہے، ہسپتال منتقلی فیصلے پر نظرثانی دوبارہ دائر کردی، عدالتی فیصلے سے چیزیں واضح ہوجائیں گی۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ حکومت آئین اور قانون کی پابند ہے۔

انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار ناگزیر ہے، کامران خان ملاخیل

جبکہ بار اور بینچ عدالتی نظام کے بنیادی ستون ہیں، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے عدالتِ عالیہ بلوچستان میں نئے تعینات ہونے والے ایڈیشنل ججز کے اعزاز میں پروقار ٹی پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل، (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے اسلام آباد میں اے جی پی آڈٹ کمپلیکس کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پبلک سیکٹر کے اداروں میں شفافیت، احتساب، مالیاتی نظم وضبط اور گڈ گورننس کے فروغ میں آڈٹ ادارے کا اہم کردار ہوتا ہے۔ یہ بات آڈیٹر جنرل آف پاکستان مقبول احمد گوندل نے جمعرات کو اسلام آباد میں اے جی پی آڈٹ کمپلیکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

مولانا فضل الرحمٰن کی اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات، متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان

آغاز اچھا ہو، اپوزیشن جماعتوں کی آل پارٹیز کانفرنس کیلئے بھی ماحول بننا چاہئے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمٰن نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کے بعد متحدہ اپوزیشن کے قیام کا اعلان کر دیا۔ جمعرات کو مولانا فضل الرحمٰن نے پارلیمنٹ ہاؤس میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ان کے چیمبر میں ملاقات کی۔ مولانا فضل الرحمان کے وفد میں کامران مرتضی اور مولانا واسع شامل تھے جبکہ محمود خان اچکزئی کے ساتھ اخونزادہ حسین یوسفزئی اور اسد قیصر موجود تھے۔

بانی پی ٹی آئی کو آسمان کا مسئلہ بنا دیا ہے، محمود اچکزئی

چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات سے متعلق پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 قومی اسمبلی وسینیٹ سے منظور

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی اور سینٹ نے پاکستان دفاعی افواج ایکٹ 2026 منظور کرلیا، ایکٹ تیرہ نومبر 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ جمعرات کو اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کا اجلاس ہوا، وزیراعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے اور اپوزیشن نشستوں پر جا کر اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے مصافحہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر اور عامر ڈوگر سے بھی ملے۔ قومی اسمبلی میں ضمنی ایجنڈا پیش کیا گیا، ڈیفنس فورسز ایکٹ 2026 اور نیشنل کمانڈ اتھارٹی ترمیمی بل 2026 ایوان میں پیش کیے گئے۔ اپوزیشن نے ضمنی ایجنڈے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بل کی کاپیاں نہیں دی گئیں۔ عالیہ کامران نے کہا کہ ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنا (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ کا اراضی مالکان کو بڑھی ہوئی قیمت ادا کرنے کا فیصلہ قانون کے مطابق نہیں، آئینی عدالت

تمام زمین مالکان کو یکساں معاوضہ کی ادائیگی مقتنّہ کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت کے تین رکنی بنچ نے عوامی مقاصد کیلئے زمین حاصل کرنے سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے سپریم کورٹ کے سات رکنی لارجر بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل جزوی طور پر منظور لی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پشاور اور لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے بھی کالعدم قرار دے دیے گئے، 45 صفحات پر مشتمل فیصلہ چیف جسٹس امین الدین خان نے تحریر کیا، فیصلہ میں جسٹس ارشد حسین نے اضافی نوٹ بھی تحریر کیا، جسٹس علی باقر نجفی نے بھی فیصلہ سے اتفاق کیا۔

حکومت سپریم کورٹ فیصلے پر عملدرآمد کی پابند، توقع ہے عمل ہوگا، علامہ راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کی پابند ہے، توقع ہے سپریم کورٹ فیصلے عمل ہوگا۔

پیسکو کے مختلف منصوبوں میں بچ جانے والا سرکاری سامان گھر میں ذخیرہ کرنے کا انکشاف

پشاور (این این آئی) پیسکو کے مختلف منصوبوں میں بچ جانے والا سرکاری سامان گھر میں ذخیرہ کرنیکا انکشاف ہوا ہے۔

وزیراعظم کی زیر صدارت امن وامان بارے اجلاس، داخلی سیکیورٹی یقینی بنانے ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی داخلی سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کردی۔ جمعرات کو وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں وزیرداخلہ محسن نقوی، چاروں صوبوں کے آئی جیز اور متعلقہ حکام شریک ہوئے۔



نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کو سائل تحریری طور پر آگاہی فراہم کر رہے ہیں

ملک کے مختلف علاقوں میں موسلادھار بارش، سیلاب کا خدشہ

پوٹھوہار، گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، نارووال اور لاہور میں موسلادھار بارش کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد، راولپنڈی، پشاور، مردان، سوات، گوجرانوالہ، لاہور اور دیگر علاقوں میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی اور نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، راولپنڈی، پوٹھوہار، بالائی پنجاب، کشمیر، بالائی و وسطی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے مزید بارش متوقع ہے، بعض مقامات پر موسلادھار بارش بھی ہوسکتی ہے۔

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں، سلمان اکرم راجا

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ عمران خان کی اسپتال منتقلی کے فیصلے پر عمل نہ کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔

اسلام آباد اور پنجاب کے 36 اضلاع میں اوورسیز کورٹس فعال

کے پی اور سندھ بھی خصوصی عدالتوں کے قیام میں تیزی لائیں، وفاقی وزیر عون چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت سمندر پار پاکستانیز عون چوہدری نے کہا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور تنازعات کے فوری حل کیلئے اسلام آباد اور پنجاب کے تمام 36 اضلاع میں خصوصی اوورسیز کورٹس مکمل طور پر فعال ہیں، خیبر پختونخوا اور سندھ حکومتیں بھی اپنے صوبوں میں ان عدالتوں کے قیام کے لئے قانون سازی اور عملدرآمد کا عمل تیز کریں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر عون چوہدری (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی ہسپتال منتقلی کی خبر، سوشل میڈیا پر میمز کی بھرمار

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان کو علاج کیلئے شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے سے متعلق رپورٹس سامنے آتے ہی سوشل میڈیا صارفین نے اس پیش رفت کو دلچسپ میمز میں بدل دیا۔

دریائے راوی میں پانی کی سطح بلند ہونے لگی، اسلام آباد میں بارش کے بعد انتظامیہ الرٹ

راوی میں پانی کی آمد 41 ہزار 790 کیوسک جبکہ اخراج 15 ہزار 740 کیوسک ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ہیڈ بلوکی کے مقام پر دریائے راوی میں پانی کی آمد 41 ہزار 790 کیوسک جبکہ اخراج 15 ہزار 740 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ آبپاشی کی 20 اگست 2026 کو صبح 6 بجے کی رپورٹ کے مطابق ہیڈ بلوکی پر اپ اسٹریم پانی کی سطح 633 فٹ جبکہ ڈاؤن اسٹریم سطح 619.50 فٹ ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق لوئر باری دوآب کینال میں 7 ہزار 50 کیوسک پانی چھوڑا جا رہا ہے جبکہ بلوکی سدنک سے پانی کا اخراج 19 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔

ملکی قرضوں پر 5 برس کے دوران 32 ہزار ارب روپے سود ادا کیا گیا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ نے ملکی قرضوں کی تفصیلات پیش کر دیں، دسمبر 2025 تک پاکستان کا کل قرضہ 81 ہزار 374 ارب روپے ہے، حکومت نے پانچ برس میں قرضوں پر 32 ہزار 239 ارب روپے سود ادا کیا گیا۔

پاکستان او آئی سی کے رکن ممالک سے سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتا ہے، قیصر احمد شیخ

پاکستان اور سیسریک کے درمیان او آئی سی ممالک میں سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری، بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے اسلامی ممالک کے لیے شماریاتی، اقتصادی اور سماجی تحقیق وتربیت کے مرکز (سیسریک) کی ڈائریکٹر جنرل محترمہ زہراؤ مُرت سلجوق سے اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی تعلیمی سربراہی اجلاس ونمائش کے موقع پر ملاقات کی۔ یہ اجلاس اسلامک چیمبر آف کامرس اینڈ ڈویلپمنٹ (آئی سی سی ڈی) کے زیراہتمام منعقد کیا گیا۔ ملاقات میں او آئی سی کے رکن ممالک کے درمیان اقتصادی اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، بالخصوص سرمایہ کاری، تجارت، تعلیم، مہارتوں کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں اور انسانی وسائل کی ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ اور محترمہ زہراؤ مُرت سلجوق نے ایک دوسرے کی خدمات اور کاوشوں کو سراہا اور او آئی سی ممالک میں اقتصادی ترقی اور (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 15 دسمبر سے 15 جنوری 2027 تک کرانے کی تجویز سے اتفاق

آئین کے تحت بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک آئینی تقاضا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے معاملے پر الیکشن کمیشن نے 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے دوران انتخابات کرانے کی تجویز سے اتفاق کیا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ مقرر کرنے سے متعلق اجلاس ہوا۔ وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا کہ جو بھی تاریخ دی جائے گی۔

طارق فضل چوہدری کا پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید (نشانِ حیدر) کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے مادرِ وطن کے دفاع، قومی وقار اور فرض کی ادائیلی کی خاطر اپنی جان (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

اگر حکومت لیوی کے معاملے پر پیچھے نہیں ہٹتی تو جماعت اسلامی آگے بڑھے گی، حافظ نعیم

عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ پہلے آنا چاہیے تھا، بانی پی ٹی آئی سمیت سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جانا چاہیے، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ اگر حکومت لیوی کے معاملے پر پیچھے نہیں ہٹتی تو ہم آگے بڑھیں گے، عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کا فیصلہ پہلے آنا چاہیے تھا، بانی پی ٹی آئی سمیت سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جانا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم نے کہا کہ حکومت کا پورا نظام عوام کو ڈیلیور نہیں کر رہا۔

حکومت نے خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں 400 تالاب اور منی ڈیم تعمیر کرنے کا منصوبہ بنالیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے بارش کا پانی ذخیرہ کرنے کے وسیع تر اقدامات کے تحت خشک سالی سے متاثرہ علاقوں میں 48 ارب روپے کے تخمینہ لاگت سے (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں

کہ ایک چھوٹے کاروبار کو مضبوط کرنا دراصل ایک خاندان، ایک کمیونٹی اور ملک کے معاشی مستقبل کو مضبوط کرنا ہے

اسلام آباد + کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (SMEs) پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔

اسلام آباد ہائیکورٹ، بھونگ انٹرچینج منصوبے کے فنڈز کے اجراء کے لیے پلاننگ ڈویژن کو آخری مہلت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ملتان سکھر موٹروے پر بھونگ انٹرچینج کی تعمیر سے متعلق کیس میں پلاننگ ڈویژن کو فنڈز جاری کرنے کے لیے حتمی مہلت دے دی۔ جسٹس محمد آصف نے کیس کی سماعت کی، درخواست گزار رئیس منیر اور ان کے وکیل وقار رانا عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔

حکومت ایسی چیز پر اٹک گئی جس سے اس کا گراف خراب ہوگا، شیر افضل

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ حکومت ایک ایسی چیز پر اٹک گئی ہے جس سے اس کا گراف خراب ہوگا۔ اسلام آباد میں نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ مریض اپنے خرچ پر پرائیوٹ ہسپتال سے علاج کرانا چاہتا ہے۔



نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کھلی کچہری میں سائل کی شکایت سن رہے ہیں